www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ
پاکستان بلیٹن
کراچی

چیف ایڈیٹر: سِراج احمد

جلد نمبر 11 | بدھ/15 اپریل 2026ء بمطابق 26 شوال 1447ھ | شمارہ 260 | قیمت 10 روپے

پاکستان کی عالمی برادری میں پوزیشن مستحکم ہوئی

صدر سے وزیراعظم کی ملاقات

وزیراعظم شہباز شریف نے ایران اور امریکا کے درمیان ہونے والے مذاکرات کے تمام پہلوں پر صدر مملکت آصف زرداری کو اعتماد میں لیا

ایوان صدر میں صدر مملکت سے وزیراعظم کی ملاقات میں منعقدہ حالیہ مذاکرات اور خطے کی سیکیورٹی اور سفارتی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا

تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مثالی ہم آہنگی اس اعلیٰ سطحی رابطے کو ممکن بنانے میں کلیدی ثابت ہوئی، صدر مملکت نے پاکستان کے تاریخی کردار کو سراہا

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مملکت سے ملاقات کی جہاں انہوں نے کہا کہ تاریخ ساز مذاکرات کے لیے پلیٹ فارم مہیا کر کے پاکستان نے عالمی برادری میں بطور ذمہ دار ریاست اپنی پوزیشن مستحکم کرلی ہے جبکہ امریکا، ایران اور دیگر اہم علاقائی اور عالمی طاقتوں کے ساتھ فعال رابطے جاری رکھنے پر زور دیا۔ ایوان صدر میں صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف نے ملاقات کی، اس موقع پر اسلام آباد میں منعقدہ حالیہ مذاکرات اور خطے کی سیکیورٹی اور سفارتی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر ایران اور امریکا کے درمیان ہونے والے مذاکرات کے تمام پہلوں پر صدر کو اعتماد میں لیا اور مذاکرات کے مختلف مراحل اور پاکستان کی ثالثی کے ذریعے ہونے والی پیش رفت

....بقیہ صفحہ 3 نمبر30

ایران سے مذاکرات کا اگلا دور بھی پاکستان میں ہوسکتا ہے

ڈونلڈ ٹرمپ

امریکی میڈیا کو وہاں ہونا چاہیے کیونکہ اگلے دو دن میں کچھ ہوسکتا ہے، وہ بہت فنٹاسٹک ہیں، لہذا اسی لیے امکان ہے کہ ہم وہاں واپس جا رہے ہیں، امریکی صدر کی ایک بار پھر فیلڈ مارشل عاصم کی تعریف

پاکستان میں اگلا دور ہونے کی وجہ یہ ہے کہ فیلڈ مارشل اچھا کام کر رہے ہیں انہی کی کارکردگی کے باعث امریکا مذاکرات کے لیے دوبارہ پاکستان جانے پر غور کر رہا ہے، ڈونلڈ ٹرمپ کی میڈیا سے گفتگو

واشنگٹن(ویب ڈیسک)ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات کا اگلا دور بھی پاکستان میں ہونے کا امکان ہے۔ امریکی اخبار نیو یارک پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ کا کہنا ہے کہ ایران سے مذاکرات کا اگلا دور پاکستان میں ہوسکتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں امریکی صدر نے کہا کہ امریکا ایران مذاکرات کا اگلا دور 2 دن میں ہوسکتا ہے۔ امریکی صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر فیلڈ مارشل عاصم کی تعریف کی اور کہا کہ وہ بہت فنٹاسٹک ہیں، لہذا اسی لیے امکان ہے کہ ہم وہاں واپس جا رہے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امریکی میڈیا کو وہاں ہونا چاہیے کیونکہ اگلے دو دن میں کچھ ہوسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں اگلا دور ہونے کی وجہ یہ ہے کہ فیلڈ مارشل اچھا کام کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ہم ایران مذاکرات کے لیے پاکستان جانے کے لیے زیادہ مائل ہیں، ایران کیساتھ مذاکرات کا اگلا دور اگلے دو روز میں ہوسکتا ہے۔ ٹرمپ نے صحافیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان جانے کا زیادہ امکان ہے، آپ جانتے ہیں کیوں؟ کیونکہ پاکستان کے فیلڈ مارشل لاجواب ہیں۔ ٹرمپ نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ انہی کی کارکردگی کے باعث امریکا مذاکرات کے لیے

....بقیہ صفحہ 3 نمبر37

محسن نقوی کا پاکستان کوسٹ گارڈز کے ہیڈ کوارٹر کا دورہ

محسن نقوی کی کراچی سے عراق تک فیری چلانے کی فزیبلٹی تیار کرنے کی ہدایت

وزیرداخلہ نے پاکستان کوسٹ گارڈز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں اور آپریشنل تیاریوں کو سراہا

کراچی(اسٹاف رپورٹر)وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے پاکستان کوسٹ گارڈز کے ہیڈ کوارٹرز کا دورہ کیا اور خصوصی اجلاس کی صدارت کی۔ پاکستان کوسٹ گارڈز کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل جواد ریاض نے وزیر داخلہ محسن نقوی کا خیر مقدم کیا۔ وزیرداخلہ محسن نقوی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر39

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر امیر مقام، رانا ثناء اللہ ملاقات کر رہے ہیں

امریکی فوج کی نقل وحرکت پر مکمل نظر ہے ایرانی فورسز

امریکا اور صیہونی ریاست کو یاد رکھنا چاہیے کہ وہ یمن، باب المندب اور بحیرہ احمر سے کس طرح خالی ہاتھ واپس ہوئے

فوجی جہاز آبنائے ہرمز کی طرف آئے تو سختی سے نمٹا جائے گا، خلیجی بندرگاہیں یا تو سب کیلئے ہوں گی یا کسی کیلئے نہیں

کسی بھی جارحیت کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں، فوجی جہاز آبنائے ہرمز کی طرف آئے تو سختی سے نمٹا جائیگا، پاسداران انقلاب

بندی عالمی معیت سے انتقام ہے، کیا غیر قانونی جنگ عالمی معیشت سے بدلہ لے کر جیتی جاسکتی ہے، ایرانی ایرانی وزارت خارجہ

تہران(ویب ڈیسک)ایرانی فورسز کا کہنا ہے کہ ہماری بندرگاہوں کو خطرہ ہوا تو خطے میں کوئی بندرگاہ محفوظ نہیں رہے گی۔ ایران کی پاسداران انقلاب کی قدس فورس کے کمانڈر اسماعیل قانی نے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی کے بعد امریکا اور اسرائیل کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ وہ خطے سے خالی ہاتھ واپس جائیں گے، مزاحمتی محاذ پورے خطے میں مضبوط اور مؤثر انداز میں موجود ہے اور دشمنوں کا انتظار کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اور صیہونی ریاست کو یاد رکھنا چاہیے کہ وہ یمن، باب المندب اور بحیرہ احمر سے کس طرح خالی ہاتھ واپس ہوئے، اور اس بار بھی انہیں خطے میں کوئی کامیابی حاصل نہیں ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ کسی بھی جارحیت کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں، فوجی جہاز آبنائے ہرمز کی طرف آئے تو سختی سے نمٹا جائے گا، خلیجی بندرگاہیں یا تو سب کیلئے ہوں گی یا کسی کیلئے نہیں۔ یمن

....بقیہ صفحہ 3 نمبر26

پاور ڈویژن کا پیک آورز میں روزانہ سوا 2 گھنٹے لوڈ شیڈنگ کا اعلان

حکومت کو پیک آورز میں کھپت میں اضافے کا سب سے بڑا چیلنج درپیش ہے

شام 5 سے رات 1 بجے تک روزانہ سوا 2 گھنٹے بجلی کی لوڈ شیڈنگ کی جائے گی

اسلام آباد(ویب ڈیسک)پاور ڈویژن نے پیک آورز میں روزانہ سوا 2 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کا اعلان کر دیا ہے۔ پاور ڈویژن کے ترجمان نے پیک آورز ریلیف سٹریٹجی سے متعلق بیان میں کہا ہے کہ حکومت کو پیک آورز میں کھپت میں اضافے کا سب سے بڑا چیلنج درپیش

....بقیہ صفحہ 3 نمبر32

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف، صدر مملکت آصف زرداری سے ملاقات کر رہے ہیں

امید ہے جلد بات چیت کا کوئی سلسلہ شروع ہوگا، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی(ویب ڈیسک)بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کا وقت ختم ہونے کے باوجود بہنوں اور پارٹی رہنماؤں کو اجازت نہ مل سکی، بیرسٹر گوہر علی خان ملاقات نہ ہونے

....بقیہ صفحہ 3 نمبر45

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

آئین کے دائرے میں احتجاج کے علاوہ کوئی راستہ نہیں بچا، علیمہ خان

راولپنڈی(ویب ڈیسک)بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن علیمہ خان نے کہا ہے کہ بروقت درست علاج اور درست جگہ نہ ہونے کے باعث بانی کی آنکھ 85 فیصد خراب

....بقیہ صفحہ 3 نمبر46

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سفارتی قیادت کا عالمی اعتراف

اسحاق ڈار کا مثبت اور منفی تاثر کا تناسب دیگر تمام عالمی رہنماؤں سے زیادہ ہے

اسلام آباد(ویب ڈیسک)گزشتہ 7 دنوں کے دوران نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار کی قیادت کو بین الاقوامی سطح پر بھرپور سراہا گیا ہے۔ خطے میں جاری کشیدگی کے دوران ثالثی اور کرائسز مینجمنٹ میں اسحاق ڈار کے کلیدی کردار کو سراہا گیا۔ جنوبی افریقہ، ایران، امریکہ، چین، سعودی عرب، ترکی، آذربائیجان، بحرین، ازبکستان اور مصر کے اعلی حکام نے مذاکرات میں سہولت کاری کو سراہا۔ بین الاقوامی میڈیا اور سفارتی ذرائع اسحاق ڈار کی ساکھ حکمتِ عملی اور کشیدگی کم کرنے کے عزم

....بقیہ صفحہ 3 نمبر29

وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور اسحاق ڈار کو امن کا نوبل انعام دینے کیلئے قرارداد جمع

اسمبلی سیکرٹریٹ میں مسلم لیگ ن رکن صوبائی اسمبلی شہلا بانو نے قرارداد جمع کرائی

پشاور(ویب ڈیسک)خیبر پختونخوا اسمبلی میں وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیر خارجہ، اسحاق ڈار کو امن کے فروغ کے لیے نوبل انعام کے لیے نامزد کرنے کی قرارداد جمع کرا دی گئی۔ اسمبلی سیکرٹریٹ میں مسلم لیگ ن رکن صوبائی اسمبلی شہلا بانو نے قرارداد جمع کرائی۔ قرارداد کے متن کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی مؤثر سفارتکاری کے نتیجے میں خطے میں امن و استحکام کے فروغ کی راہ ہموار ہوئی۔ اسرائیل

....بقیہ صفحہ 3 نمبر38

تاجروں کو سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے

محسن نقوی

برنس مین بجٹ سے پہلے 10 ارب ڈالر واپس لے آئیں، یہ مشکل کام نہیں، تاجر فیصلہ کرلیں تو ناممکن بھی نہیں

روشن اکاؤنٹ موجود ہیں، 30 فیصد پیسہ ہی واپس لے آئیں، دنیا میں کوئی ایسا منافع نہیں دیتا جیسا پاکستان دیتا ہے

ہمیں اپنے ملک کو سنوارنا ہے، مواقع سے فائدہ اٹھانا ہے، جو مرضی ہوا اپنا وعدہ پورا کرتے ہیں، وزیرداخلہ محسن نقوی

کراچی(اسٹاف رپورٹر)وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان سے 100 ارب ڈالرز باہر گئے۔ شہر قائد میں داخلہ محسن نقوی کا کراچی چیمبر آف کامرس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ بزنس مین بجٹ سے پہلے 10 ارب ڈالر واپس لے آئیں، یہ مشکل کام نہیں، تاجر فیصلہ کرلیں تو ناممکن بھی نہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ روشن اکاؤنٹ موجود ہیں، 30 فیصد پیسہ

....بقیہ صفحہ 3 نمبر35

امن وامان کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیرداخلہ سندھ

کیورٹی وسائل کو شفاف، مؤثر اور پیشہ ورانہ انداز میں بروئے کار لایا جائے گا

کراچی(اسٹاف رپورٹر)صوبہ سندھ میں مجموعی امن وامان اور سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے صوبائی تھریٹ اسیسمنٹ کمیٹی (PTAC) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت وزیر داخلہ سندھ ضیاالحسن لنجار نے کی۔ اجلاس میں موجودہ سیکیورٹی ماحول، حساس تنصیبات، وی آئی پیز، سرکاری عہدیداروں، علماکرام اور دیگر افراد کو فراہم کردہ سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ سندھ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ سیکیورٹی کی

....بقیہ صفحہ 3 نمبر36

ایران اور امریکا پاکستان پر اعتماد کر کے اسلام آباد آئے، مراد علی شاہ

جو قوتیں بات کرنے پر آمادہ نہ تھیں مذاکرات کی میز پر لایا گیا، وزیراعظم، فیلڈ مارشل کی کوششوں سے ممکن ہوا

صدر مملکت نے ایوان صدر میں میٹنگ کی، مشکل وقت میں قوم کو متحد رکھنے میں کردار ادا کیا، گفتگو

کراچی(ویب ڈیسک)وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا کہ ایران اور امریکا پاکستان پر اعتماد کر کے اسلام آباد آئے۔ وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو قوتیں بات کرنے پر آمادہ نہیں تھیں انہیں مذاکرات کی میز پر لایا گیا، وزیراعظم اور فیلڈ

....بقیہ صفحہ 3 نمبر28

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک فضائیہ جدید ٹیکنالوجی سے لیس مضبوط فورس ہے

نیول چیف

پی اے ایف اکیڈمی رسالپور میں جی ڈی پی 152 اینڈ الائیڈ کورسز کی گریجویشن پریڈ کی پروقار تقریب میں اعلی عسکری قیادت نے شرکت کی

معرکہ حق کے دوران ایئر فورسز نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا، جبکہ سائبر اور الیکٹرانک وارفیئر میں بھی اپنی مہارت کا لوہا منوایا

رسالپور(ویب ڈیسک)چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ جدید ٹیکنالوجی سے لیس ایک مضبوط فورس ہے۔ پی اے ایف اکیڈمی رسالپور میں جی ڈی پی 152 اینڈ الائیڈ کورسز کی گریجویشن پریڈ کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں اعلی عسکری قیادت نے شرکت کی۔ تقریب میں چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف مہمان خصوصی تھے، جبکہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے بھی شرکت کی، مہمان خصوصی نے پریڈ کا معائنہ کیا اور نمایاں کارکردگی دکھانے والے کیڈٹس کو اعزازات سے نوازا، جبکہ پاس آؤٹ ہونے والے کیڈٹس نے حلف بھی اٹھایا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے پاس آؤٹ ہونے والے کیڈٹس کو مبارکباد دی اور کہا کہ معرکہ حق کے دوران ایئر

....بقیہ صفحہ 3 نمبر34

گندم کی غیرقانونی نقل وحمل، ذخیرہ اندوزی پر نظر رکھی جائے

وزیراعلیٰ سندھ

وزیراعلیٰ سندھ کی زیرصدارت اجلاس، گندم خریداری کا جائزہ، گندم کی خریداری کا ہدف 9 لاکھ 73 ہزار اور 900 میٹرک ٹن مقرر کیا گیا

وزیراعلیٰ سندھ کا خریداری کے عمل میں سست روی کا سنجیدگی سے نوٹس، محکمہ خوراک کو خریداری کا عمل فوری طور پر تیز کرنے کی ہدایت

کراچی(اسٹاف رپورٹر)وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ربیع فصل 2025-26 کے لیے گندم کی خریداری کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ 9 لاکھ 73 ہزار 900 میٹرک ٹن کے ہدف کے مقابلے میں اب تک صوبے بھر میں 1,061,600 میٹرک ٹن گندم خریدی جا چکی ہے اور اس عمل کو تیز کرنے کی کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے محکمہ خوراک کو ہدایت دی کہ ڈی اے پی کھاد اور یوریا جیسی بنیادی زرعی اشیا پر سبسڈی حاصل کرنے والے چھوٹے کاشتکاروں کی معاونت پر توجہ دی جائے اور بھرپور مہم کے ذریعے ہدف حاصل کیا جائے۔ یہ اجلاس وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقد ہوا جس میں صوبائی وزرا شرجیل میمن، جام خان شورو، مکیش کمار چاولہ، مخدوم محبوب الزماں، سردار محمد بخش خان مہر، مشیر گیان چند اسرانی، چیف سیکریٹری

....بقیہ صفحہ 3 نمبر31

اسحاق ڈار کا یورپی یونین خارجہ امور کی نمائندہ سے رابطہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار نے یورپی یونین کی خارجہ امور و سلامتی پالیسی کی اعلی نمائندہ کاجا کالاس سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں خطے کی صورتحال اور باہمی تعلقات پر تبادلہ خیال کیا

....بقیہ صفحہ 3 نمبر27

پیٹرول سے بھرے 2 مزید بڑے بحری جہاز کراچی پہنچ گئے

کراچی(ویب ڈیسک)پیٹرول سے بھرے دو مزید بڑے بحری جہاز پورٹ قاسم فوکو ٹرمینل پر لنگر انداز ہوگئے، جس سے ایندھن کے ذخائر اور سپلائی چین مستحکم ہونے کی توقع

....بقیہ صفحہ 3 نمبر25

اسلام آباد: صدر مملکت آصف زرداری نیشنل ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ
ABC Certified
پاکستان بلیٹن
کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

پاکستان کا امن پسند اور صلح جو چہرہ۔ مودی سرکار کے لیئے جگ ہنسائی

بھارت میں حزبِ اختلاف کانگرس کی جانب سے اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات شروع کرانے کی پاکستان کی اچھوتی سفارتکاری کے حوالے سے مودی سرکار کو سخت تنقید کا سامنا ہے۔ اس سلسلہ میں بھارتی کانگرس کے جنرل سیکرٹری رام رمیش نے بھارت کی خارجہ پالیسی پر سنگین سوالات اٹھائے ہیں اور اسے متضاد تزویراتی گہرائی سے خالی قرار دیا ہے۔ کشمیر میڈیا سنٹر کی اس سلسلہ میں جاری کردہ رپورٹ کے مطابق رام رمیش نے خطے کی موجودہ صورت حال کے تناظر میں بھارت کی خارجہ پالیسی کا جائزہ لیتے ہوئے مودی سرکار کو آئینہ دکھایا کہ امریکہ ایران مذاکرات کے لیئے پاکستان کی میزبانی کو سبوتاژ کرنے کی بھارتی سازشوں کے باوجود پاکستان نے اقوام عالم میں جو بلند مقام حاصل کیا وہ مودی سرکار کے لیئے شرم سے ڈوب مرنے کا مقام ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نئی دہلی واشنگٹن کے ساتھ اپنے تعلقات کا موثر طریقے سے فائدہ اٹھانے میں ناکام رہی ہے۔ انہوں نے مودی سرکار کو یہ بھی باور کرایا کہ بھارت نے برکس کا حصہ ہونے کے باوجود امن کو فروغ دینے کے لیئے کوئی پہل نہیں کی اور نادر سفارتی موقع ضائع کر دیا۔ رام رمیش کے بقول آج مغربی ایشیا میں استحکام اور خطے میں امن کی ضرورت ہے جس کے لیئے کشیدگی کو فوری طور پر کم کرنا ضروری ہے۔ اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ بھارت نے پاکستان اور اسلام دشمنی میں اس خطے کو کبھی امن سے رہنے نہیں دیا جو شروع دن سے ہی پاکستان کی سلامتی کے درپے ہے اور اس وقت بھی فالس فلیگ اپریشن کے ذریعے وہ پاکستان پر دوبارہ جارحیت مسلط کرنے کی سازشوں میں مصروف ہے۔ اس حوالے سے بھارتی اپوزیشن جماعت کانگرس کے سیکرٹری جنرل رام رمیش کی جانب سے مودی حکومت پر کی جانے والی تنقید واضح ثبوت ہے کہ نئی دہلی اپنی خارجہ پالیسی کے اہداف کے حصول میں ناکام رہی ہے اور اس کے برعکس وہ پاکستان دشمنی میں پورے خطے کا امن برباد کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے۔ گزشتہ برس بھارت نے پاکستان پر دہشت گردی کے الزامات عائد کرتے ہوئے اسے عالمی سطح پر تنہا کرنے کی بھرپور کوشش کی اور خطے میں کشیدگی کو بڑھاتے ہوئے پاکستان پر باقاعدہ جنگ بھی مسلط کر دی تاہم پاکستان نے بھارت کو ناکوں چنے چبواتے ہوئے اور ساتھ ہی ساتھ دانشمندانہ سفارتکاری، تحمل اور امن پسندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف بھارت کا اصل مکروہ چہرہ دنیا کو دکھایا بلکہ عالمی برادری کے سامنے اپنا ایک ذمہ دار اور امن پسند تشخص بھی اجاگر کیا۔ یہی وجہ ہے کہ آج دنیا پاکستان کو ایک سنجیدہ اور صلح جو ریاست کے طور پر دیکھ رہی ہے، جس سے اس کی عالمی ساکھ میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اس کے برعکس بھارت کی جنگی جنونیت اور جارحانہ پالیسی نہ صرف خطے کے امن کے لیے خطرہ بن رہی ہے بلکہ خود اس کے لیے بھی سفارتی تنہائی کا سبب بن سکتی ہے۔ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کا عملی مظاہرہ بھارت پہلے ہی دیکھ چکا ہے، اس لیے اسے چاہیے کہ وہ محاذ آرائی کی بجائے مذاکرات اور امن کا راستہ اختیار کرے۔ بے شک جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں۔ آج بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر اور بھارت کے اندر اقلیتوں کے ساتھ روا رکھے جانے والے سلوک پر بھی عالمی ضمیر کو جھنجھوڑنے کی ضرورت ہے۔ انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں کو چاہیے کہ وہ ان مظالم کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور بھارتی توسیع پسندانہ ہاتھ روکنے کے لیئے اپنا کردار ادا کریں۔ خطے میں پائیدار امن اسی صورت ممکن ہے جب انصاف، برداشت اور باہمی احترام کو فروغ دیا جائے۔ پاکستان کی حالیہ سفارتی کامیابیاں اس امر کی متقاضی ہیں کہ اس مثبت پیش رفت کو مزید آگے بڑھایا جائے اور داخلی استحکام، معاشی بہتری اور قومی یکجہتی کو مزید مضبوط بنایا جائے تاکہ عالمی سطح پر حاصل ہونے والی پاکستان کی عزت و وقار کو دیرپا بنایا جا سکے۔

پاکستان عالمی سفارت کاری کا مرکز

پاکستان ایک بار پھر عالمی سفارت کاری کے مرکز کے طور پر ابھرا ہے جب امریکی نائب صدر جے ڈی وینس اور ایرانی وفد کی جانب سے ایران کی پارلیمان کے سپیکر محمد باقر قالیباف کی سربراہی میں جنگ بندی مذاکرات میں شرکت کے لیے اعلیٰ سطحی وفود نے پاکستان کا رخ کیا۔ یہ پیش رفت نہ صرف پاکستان کی خارجہ پالیسی کی کامیابی کا مظہر ہے بلکہ اس بات کا واضح ثبوت بھی ہے کہ عالمی طاقتیں اب پاکستان کو ایک قابلِ اعتماد، غیر جانبدار اور موثر ثالث کے طور پر تسلیم کر رہی ہیں۔ دنیا اس وقت مختلف علاقائی تنازعات اور کشیدگیوں کا شکار ہے، خصوصاً مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال عالمی امن کے لیے خطرہ بنی ہوئی ہے، ایسے میں پاکستان کا یہ کردار نہایت اہمیت اختیار کر گیا ہے۔

پاکستان نے ہمیشہ سے اپنی خارجہ پالیسی میں توازن، اعتدال اور امن کو ترجیح دی ہے، اور یہی وجہ ہے کہ امریکہ اور ایران جیسے ایک دوسرے کے مخالف ممالک نے بھی پاکستان پر اعتماد کیا۔ یہ اعتماد برسوں کی مسلسل سفارتی کوششوں، سنجیدہ طرزِ عمل اور خطے میں ذمہ دارانہ کردار کے باعث ممکن ہوا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس موقع پر نہایت دانشمندانہ قیادت کا مظاہرہ کیا جبکہ فیلڈ مارشل آرمی چیف عاصم منیر کی زیرِ قیادت سکیورٹی اداروں نے فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا، جس سے عالمی مہمانوں کو مکمل تحفظ فراہم کیا گیا اور پاکستان کی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار ہوا۔

اسد غالب

ان مذاکرات کے دوران پاکستان نے سکیورٹی کے ایسے اعلیٰ معیار قائم کیے جو کسی بھی بین الاقوامی کانفرنس کے لیے مثال بن سکتے ہیں۔ جدید ٹیکنالوجی کا استعمال، مربوط سکیورٹی نظام، فضائی نگرانی، حساس مقامات کی حفاظت اور خفیہ اداروں کی فعال نگرانی نے اس پورے عمل کو کامیاب بنانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ یہی وجہ ہے کہ نہ صرف مہمان ممالک نے پاکستان کی سکیورٹی کو سراہا بلکہ عالمی میڈیا نے بھی اس کا بھرپور اعتراف کیا اور پاکستان کو ایک محفوظ اور قابلِ اعتماد مقام قرار دیا جہاں حساس نوعیت کے مذاکرات کامیابی سے منعقد کیے جا سکتے ہیں۔

دنیا بھر کے میڈیا اداروں نے اس پیش رفت کو نمایاں طور پر کوریج دی اور پاکستان کے کردار کو مثبت انداز میں اجاگر کیا۔ بین الاقوامی تجزیہ کاروں نے پاکستان کو ایک Bridge Builder یعنی ایسا ملک قرار دیا جو مختلف قوتوں کے درمیان رابطے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ کئی غیر ملکی مبصرین نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کی غیر جانبداری اور اس کا جغرافیائی محلِ وقوع اسے ایسے مذاکرات کے لیے بہترین مقام بناتا ہے۔ بعض عالمی بیانات میں پاکستان کی تعریف کرتے ہوئے کہا گیا کہ اسلام آباد نے ثابت کیا ہے کہ وہ عالمی امن کے قیام میں عملی کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے اور اس کے بغیر خطے میں پائیدار امن ممکن نہیں۔ ایرانی وفد کی شرکت بھی اس حوالے سے نہایت اہم رہی جس میں سینئر سفارتی اہلکار، وزارتِ خارجہ کے نمائندے اور علاقائی امور کے ماہرین شامل تھے۔ اگرچہ سکیورٹی وجوہات کی بنا پر تمام نام ظاہر نہیں کیے گئے، تاہم یہ واضح ہے کہ یہ ایک اعلیٰ سطح کا وفد تھا جس نے پاکستان کی میزبانی کو سراہتے ہوئے اسے ایک مثبت اور تعمیری قدم قرار دیا۔ ایرانی نمائندوں نے اس بات کا بھی اظہار کیا کہ پاکستان جیسے ملک کی میزبانی میں مذاکرات ایک محفوظ اور نتیجہ خیز ماحول فراہم کرتے ہیں۔

امریکی نائب صدر جے ڈی وینس کی شرکت اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ امریکہ بھی پاکستان کے کردار کو اہمیت دے رہا ہے اور اسے ایک قابلِ اعتماد شراکت دار کے طور پر دیکھ رہا ہے۔ امریکہ کی جانب سے یہ پیغام دیا گیا کہ وہ خطے میں امن کے قیام کے لیے پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے۔ یہ پیش رفت پاکستان اور امریکہ کے تعلقات میں ایک مثبت موڑ کی نشاندہی بھی کرتی ہے جو ماضی میں بعض اوقات کشیدگی کا شکار رہے ہیں۔

پاکستان کی اس کامیابی پر بھارت کا ردِعمل بھی خاصا دلچسپ رہا، جہاں بعض حلقوں میں تشویش اور بے چینی دیکھی گئی جبکہ کچھ میڈیا اداروں نے اس پر تنقید بھی کی۔ تاہم حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی عالمی اہمیت اور سفارتی کامیابیاں خطے میں طاقت کے توازن کو متاثر کر رہی ہیں، اور یہی وجہ ہے کہ بھارت اس صورتحال کو ہضم کرنے میں مشکل محسوس کر رہا ہے۔ یہ ردِعمل دراصل اس بات کا اعتراف بھی ہے کہ پاکستان اب ایک بار پھر عالمی سطح پر اپنی جگہ بنا رہا ہے۔

وزیراعظم شہباز شریف نے نہایت حکمتِ عملی کے ساتھ اس پورے عمل کی نگرانی کی اور عالمی رہنماؤں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہے۔ انہوں نے نہ صرف پاکستان کے موقف کو موثر انداز میں پیش کیا بلکہ عالمی برادری کو یہ یقین بھی دلایا کہ پاکستان امن کے قیام کے لیے ہر ممکن کردار ادا کرنے کو تیار ہے۔ ان کی قیادت میں حکومت نے سفارتی سطح پر غیر معمولی فعالیت کا مظاہرہ کیا جس کے مثبت نتائج سامنے آئے۔ آرمی چیف عاصم منیر نے بھی اس عمل میں کلیدی کردار ادا کیا، خصوصاً سکیورٹی اور اسٹریٹجک معاملات میں۔ ان کی قیادت میں افواجِ پاکستان نے نہایت پیشہ ورانہ انداز میں اپنے فرائض انجام دیے اور اس بات کو یقینی بنایا کہ تمام مہمانوں کو مکمل تحفظ حاصل ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ عسکری قیادت نے پسِ پردہ سفارتی رابطوں میں بھی اہم کردار ادا کیا جو اس نوعیت کے مذاکرات کے لیے نہایت ضروری ہوتے ہیں۔

اسلام آباد میں ہونے والے امریکا اور ایران کے مذاکرات میں پاکستان کی میزبانی اور سفارتی کردار کو عالمی سطح پر بے حد سراہا گیا۔ دونوں ممالک کے ساتھ ساتھ روس، اقوام متحدہ اور دیگر عالمی اداروں نے پاکستان کی کوششوں کو مثبت اور موثر قرار دیا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے بھی پاکستان کی کاوش کو ایک اہم سفارتی موقع قرار دیا جس سے کشیدگی کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ان مذاکرات کو اس قدر اہمیت دی جا رہی ہے کہ دنیا کے بیشتر ممالک اس کی کامیابی کے لیے پرامید ہیں، جبکہ کچھ مخالف قوتیں اس عمل میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش بھی کر رہی ہیں۔ پاکستان نے ایک غیر جانبدار ثالث کے طور پر فریقین کو مذاکرات کی میز پر لا کر اہم کردار ادا کیا۔ اگرچہ امریکا اور ایران کے درمیان ابھی مکمل معاہدہ نہیں ہو سکا اور کچھ نکات پر اختلاف باقی ہے، لیکن دونوں جانب سے یہ تسلیم کیا گیا کہ پاکستان نے مذاکرات کے انعقاد اور پیش رفت میں کلیدی کردار ادا کیا۔ امریکی قیادت نے بھی پاکستان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ مجموعی طور پر، یہ مذاکرات پاکستان کی کامیاب سفارتکاری کی عکاسی کرتے ہیں، جس نے عالمی سطح پر اپنی اہمیت اور مثبت کردار کو مزید مضبوط کیا۔

پاکستان کی ثالثی میں ایران امریکا مذاکرات

اسلام آباد ایک بار پھر عالمی سفارتکاری کا مرکز بنا جب ایران اور امریکا کے درمیان بیک چینل مذاکرات کی خبریں سامنے آئیں۔ یہ پیش رفت ایک ایسے وقت میں ہوئی جب مشرقِ وسطیٰ شدید کشیدگی، ایران اسرائیل تنازع، پراکسی جنگوں اور عالمی طاقتوں کے مفادات کے ٹکراؤ کا شکار ہے۔ اگرچہ ان مذاکرات کے بعد کوئی باضابطہ مشترکہ اعلامیہ جاری نہیں کیا گیا، تاہم سفارتی حلقوں سے ملنے والی معلومات اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ یہ عمل نہ صرف اہم تھا بلکہ مستقبل کی بڑی پیش رفت کی بنیاد بھی بن سکتا ہے۔ پاکستان کا کردار اس پورے عمل میں غیر معمولی اہمیت کا حامل رہا۔ پاکستان نے نہ صرف ایک سہولت کار کے طور پر دونوں ممالک کو قریب لانے کی کوشش کی بلکہ ایک ایسے ماحول کی تشکیل میں بھی مدد دی جہاں براہ راست بات چیت ممکن ہو سکی۔ پاکستان کی یہ پوزیشن اس کی متوازن خارجہ پالیسی، ایران کے ساتھ برادرانہ تعلقات اور امریکا کے ساتھ اسٹریٹجک روابط کا نتیجہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام آباد کو ایک قابلِ اعتماد ثالث کے طور پر دیکھا گیا۔

مذاکرات کے دوران چند اہم نکات پر جزوی یا مکمل اتفاق سامنے آیا۔ سب سے پہلے، کشیدگی میں کمی پر دونوں فریقوں کا اصولی اتفاق قابلِ ذکر ہے۔ موجودہ حالات میں براہ راست جنگ کسی کے مفاد میں نہیں، اس لیے ایران اور امریکا دونوں نے اس بات کو تسلیم کیا کہ خطے کو مزید عدمِ استحکام سے بچانا ضروری ہے۔ اسی تناظر میں ایران اسرائیل تنازع کو محدود رکھنے پر بھی غیر رسمی ہم آہنگی دیکھنے میں آئی، حالانکہ اسرائیل کا معاملہ بدستور ایک حساس اور پیچیدہ مسئلہ ہے۔ دوسرا اہم پہلو قیدیوں کے تبادلے کا تھا، جس پر پیش رفت ہوئی۔ انسانی بنیادوں پر ایسے اقدامات ہمیشہ سفارتی تعلقات میں نرم گوشہ پیدا کرتے ہیں اور اعتماد سازی کی طرف ایک قدم سمجھے جاتے ہیں۔ اسی طرح امریکا کی جانب سے محدود اقتصادی ریلیف کا عندیہ بھی سامنے آیا، خاص طور پر ادویات اور انسانی ہمدردی کے شعبوں میں پابندیوں میں نرمی کی بات کی گئی، بشرطیکہ ایران کچھ عملی اقدامات کرے۔

تاہم، جہاں کچھ نکات پر پیش رفت ہوئی، وہیں کئی بنیادی مسائل اب بھی حل طلب ہیں۔ سب سے بڑا تنازع ایران کے جوہری پروگرام کا ہے۔ ایران اسے پرامن مقاصد کے لیے ضروری قرار دیتا ہے، جبکہ امریکا اس پروگرام کو محدود کرنے، یورینیم

میاں افتخار احمد

افزودگی کی سطح کم کرنے اور سخت بین الاقوامی نگرانی کا مطالبہ کرتا ہے۔ یہ وہ نکتہ ہے جس پر ماضی میں بھی کئی معاہدے تعطل کا شکار ہو چکے ہیں اور اب بھی یہی سب سے بڑی رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ اقتصادی پابندیاں بھی ایک بڑا اختلافی معاملہ ہیں۔ ایران کا موقف واضح ہے کہ تمام پابندیاں فوری طور پر ختم کی جائیں، کیونکہ ان پابندیوں نے اس کی معیشت کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ دوسری جانب امریکا مرحلہ وار نرمی کا حامی ہے، جو ایران کے عملی اقدامات سے مشروط ہو۔ یہ اعتماد کے بدلے رعایت کا ماڈل ہے، جس پر دونوں فریق مکمل طور پر متفق نظر نہیں آتے۔ خطے میں ایران کے کردار، خصوصاً مختلف مسلح گروہوں کی حمایت کا معاملہ بھی تنازع کا باعث ہے۔ امریکہ کا الزام ہے کہ ایران عراق، شام اور دیگر علاقوں میں پراکسی گروپس کے ذریعے اپنا اثر و رسوخ بڑھا رہا ہے، جبکہ ایران اسے اپنی دفاعی حکمتِ عملی کا حصہ قرار دیتا ہے۔ یہ اختلاف نہ صرف سیاسی بلکہ سکیورٹی سطح پر بھی انتہائی حساس ہے۔ ان تمام پیچیدگیوں کے باوجود، یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ حالیہ مذاکرات نے ایک مثبت سمت کا تعین کیا ہے۔ اگرچہ کوئی بڑا بریک تھرو سامنے نہیں آیا، لیکن بات چیت کا جاری رہنا خود ایک اہم کامیابی ہے۔ سفارتکاری میں اکثر بڑے معاہدے ایک ہی نشست میں طے نہیں ہوتے بلکہ طویل اور صبر آزما عمل کے بعد ممکن ہوتے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ مذاکرات ایک ابتدائی پیش رفت یا Limited Progress کے طور پر دیکھے جا سکتے ہیں۔

پاکستان کے لیے بھی یہ ایک اہم سفارتی موقع ہے۔ اگر اسلام آباد اسی طرح موثر ثالث کا کردار ادا کرتا رہا تو وہ نہ صرف خطے میں اپنی اہمیت بڑھا سکتا ہے بلکہ عالمی سطح پر بھی ایک ذمہ دار اور فعال ریاست کے طور پر اپنی ساکھ مضبوط کر سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ عمل پاکستان کے لیے اقتصادی اور سیاسی فوائد کا باعث بھی بن سکتا ہے، خاص طور پر اگر خطے میں استحکام آتا ہے۔ مستقبل کے حوالے سے دیکھا جائے تو کئی ممکنہ منظرنامے سامنے آتے ہیں۔ ایک امکان یہ ہے کہ دونوں ممالک ایک محدود نوعیت کے معاہدے پر متفق ہو جائیں، جس میں ایران کچھ جوہری سرگرمیوں کو محدود کرے اور بدلے میں امریکا پابندیوں میں جزوی نرمی دے۔ دوسرا امکان یہ ہے کہ مذاکرات کسی بڑے تعطل کا شکار ہو جائیں، جیسا کہ ماضی میں ہوتا رہا ہے۔ تیسرا اور سب سے خطرناک منظرنامہ یہ ہو سکتا ہے کہ کشیدگی دوبارہ بڑھ جائے اور خطہ کسی بڑے تنازع کی طرف بڑھ جائے۔

حقیقت یہ ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان بداعتمادی کی خلیج بہت گہری ہے۔ اسے ختم کرنے کے لیے صرف سفارتی بیانات کافی نہیں بلکہ عملی اقدامات، مستقل مزاجی اور عالمی طاقتوں کی حمایت بھی ضروری ہے۔ یہاں پاکستان جیسے ممالک کا کردار مزید اہم ہو جاتا ہے، جو نہ صرف ثالثی کر سکتے ہیں بلکہ اعتماد سازی کے عمل کو بھی آگے بڑھا سکتے ہیں۔ اسلام آباد میں ہونے والے یہ مذاکرات ایک اہم آغاز ضرور ہیں، لیکن منزل ابھی دور ہے۔ اگر دونوں فریق سنجیدگی اور حقیقت پسندی کا مظاہرہ کریں تو نہ صرف ایک معاہدہ ممکن ہے بلکہ پورے خطے میں امن اور استحکام کی نئی راہیں بھی کھل سکتی ہیں۔ بصورت دیگر، یہ ایک اور ضائع شدہ موقع ثابت ہو سکتا ہے، جس کا خمیازہ صرف ایران اور امریکا ہی نہیں بلکہ پورا مشرقِ وسطیٰ اور اس سے جڑے ممالک بھگتیں گے۔

اسلام آباد امن مذاکرات

امریکا اسرائیل ایران (خلیجی جنگ) جہاں امریکا اسرائیل خصوصاً ایران کے لیے روایتی تباہی و بربادی کا باعث بنی ہے وہیں یہ جنگ پاکستان کی عالمی ساکھ کی بہتری کے لیے عطیہ خداوندی ثابت ہوئی ہے، اس حقیقت کا اندازہ صرف ہمیں ہی نہیں ہوا بلکہ پوری دنیا کے مبصرین دانشوروں محققین کو بھی ہوا ہے جنھوں نے اپنے تجزیوں میں اس کا برملا اظہار کیا ہے۔ پاکستان کی سیاسی عسکری قیادت نے جس کمال مہارت، عقل و فہم اور دور اندیشی کا مثالی مظاہرہ کرتے ہوئے نہ صرف جنگ کے شعلوں کو ٹھنڈا کر کے اس خلیجی جنگ کے آگے بند باندھا اور سیز فائر کروانے میں اپنا کردار ادا کیا اس پر اسے جو خراجِ تحسین پیش کیا گیا جو تعریف کی گئی اس کے بعد ہمارے مزید تعریف کے لیے کہنے کی ضرورت نہیں لیکن اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ ہم کچھ کہنا ہی نہیں چاہتے۔

ہم تو انتظار کر رہے تھے مذاکرات کے نتائج کا جواب ظاہر ہونا شروع ہو گئے ہیں جن کے مطابق متذکرہ مذاکرات کسی نتیجے پر پہنچے بغیر ہی ختم ہو چکے ہیں اور اس کا ہمیں قبل از نتائج بخوبی اندازہ تھا کہ یہ انتہائی سنگین عالمی مسلہ ہوں چٹکیوں میں محض ایک ہی نشست میں حل ہونے والا نظر نہیں آتا تا ہم اس حوالے سے یعنی اس گھمبیر مسلہ کے حل میں پاکستان نے جس دلچسپی خلوص نیت سے سفارت کاری کے لیے اپنے آپ کو پیش کیا اور دوطرفہ بات چیت کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا اس کی دنیا معترف ہے سوائے اسرائیل و بھارت کے۔

یہ مذاکرات پہلی نشست میں کامیاب کیوں نہ ہو سکے اس کی وجہ معاملات کی سنگینی تو تھی ہی لیکن اس کے درپردہ امریکی وفد کے دوارکان جن کے نام مصلحتاً یہاں اس وقت لینا مناسب نہیں کا تعلق گو کہ براہ راست اسرائیل سے تو نہیں تھا لیکن بالواسطہ طور یعنی اسرائیلی لابی سے ضرور تھا جو امریکی وفد کا حصہ ہی تھے اور مذاکرات کی میز پر براجمان دکھائی دیے۔ اس طرح سے ہمیں یہ کہنے میں کوئی باک نہیں کہ اسلام آباد امن مذاکرات میں اسرائیل اگر نہیں تو اسرائیلی لابی ضرور شامل تھی، یہ تو ہوا ایک اہم ترین انکشاف، اب آتے ہیں چند ضروری حقائق کی جانب تو ان میں یہ کہ متذکرہ اسرائیل امریکا ایران کی چوتھی ہولناک جنگ کو دیکھا جائے تو یہ جنگ ایران نے خود سے نہیں چھیڑی اور نہ ہی ایران نے شروع کی بلکہ یہ جنگ تو اسرائیل کی طرف سے ایران پر مسلط کی گئی، ایران تو اپنا دفاع کر رہا ہے اس لیے شرائط بھی اگر ایران اپنی

صباح الدین

منوانا چاہتا ہے تو یہ اس کا بنیادی حق بنتا ہے جسے عالمی سطح پر تسلیم کیا جانا چاہیے۔

رہی بات امریکا کی تو یہ جنگ امریکا کی بھی نہیں بلکہ صرف و صرف امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ذاتی جنگ تھی جس سے امریکی افواج امریکی قوم کو کوئی لینا دینا نہیں تھا بلکہ اگر یہ کہا جائے کہ یہ جنگ اسرائیل کی بھی نہیں تھی صرف خبطی اور ذہنی مریض اسرائیلی وزیراعظم نتن یاہو کی ذاتی جنگ تھی جس کے پیچھے اسے اسرائیلی عوام کی بالکل حمایت حاصل نہیں تھی، اگر ان تمام حقائق کو مدنظر رکھ کر بات کی جائے تو یہ دو عالمی جنونی سفاک ذہنی مریضوں کی جنگ تھی جس کا مقصد اگر اسرائیل کا گریٹر اسرائیل منصوبہ تھا تو دوسرا امریکا کا ایران کے تیل کے ذخیروں پر قبضہ کا انتہائی رکیک منصوبہ تھا جس کے ثبوت کے طور پر عراق، وینزویلا کی مثال دی جا سکتی ہے جسے دنیا کا کوئی مہذب ملک جھٹلا نہیں سکتا۔

یہ ایٹمی صلاحیت، آبنائے ہرمز وغیرہ وغیرہ سب ڈھکوسلے ہیں جن کا اصل مدعے سے کوئی تعلق نہیں۔ نتن یاہو کی خباثت کا اندازہ اس بات سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ وہ اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے اس جنگ کو مذہبی جنگ کا روپ دینے سے بھی نہیں ہچکچایا اور اس نے اس جنگ میں خلیجی اسلامی ملکوں کو بھی گھسیٹنے کی کوشش کی لیکن آفرین پاکستان کو کہ پاکستان نے اس کی یہ کوشش بھی ناکام بنا دی حالانکہ پاکستان اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ اپنی جگہ موجود تھا جس کے پیش نظر پاکستان جنگ میں اتر سکتا تھا لیکن پاکستان سعودی عرب دونوں نے اس نازک ترین صورتحال میں جس صبر و تحمل برداشت بردباری کا مظاہرہ کیا وہ واقعی قابلِ تحسین ہے جس کا سہرا اگر ایک طرف وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے سر ہے تو دوسری جانب سعودی فرمانروا محمد بن سلمان کے سر بھی ہے جنھوں نے کمال صبر کا مظاہرہ کیا اور ضبط سے کام لیا۔

اس جنگ میں جہاں خلیجی ممالک صبر و تحمل کا مظاہرہ کر رہے تھے وہاں متحدہ عرب امارات کا افسوسناک ردِعمل بھی سامنے آیا جس نے انتہائی عجلت و بے صبری سے کام لیتے ہوئے پاکستان سے اپنا قرضہ واپس لینے کا تقاضا کر کے اپنی کم ظرفی دکھا دی جس کا سعودی فرمانروا محمد بن سلمان اور قطر کے ولی عہد شہزادہ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے پاکستان کو تین کی بجائے پانچ ارب ڈالرز فراہم کر دیے جس سے پاکستان کے ریزرو کو بڑی حد تک سنبھالا مل گیا۔

اسلام آباد امن مزاکرات کے حوالے سے مزید یہ کہ گوکہ ان مذاکرات کا مذاکرات کا آغاز میں کوئی حتمی نتیجہ برآمد نہیں ہوا لیکن ان مذاکرات کو کامیابی کی پہلی سیڑھی ضرور قرار دیا جا سکتا ہے، اب دیکھنا یہ ہے کہ اسلام آباد مذاکرات پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ آپنا کیا ردِعمل دیتے ہیں اس کے بعد ہی بات بڑھے گی جبکہ دوسری طرف ایران کا موقف تو بالکل واضح ہے جس کی حمایت چین روس پاکستان سمیت مغربی اور یورپی ممالک بھی کر رہے ہیں، ویسے اس جنگ میں ایران نے جس بہادری نڈرری بے خوفی کا مظاہرہ کیا ہے اس سے اسرائیل امریکا کے ناقابلِ تسخیر ہونے کے دعووں کی قلعی کھل گئی ہے اور اب دونوں جارح منہ چھپانے کے چکروں میں پڑے آنسو بہاتے دکھائی دے رہے ہیں۔

شہرِ قائد

KARACHI
WATER & SEWERAGE
CORPORATION

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے ہیڈ آفس میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امریکہ ہر معاملے میں اپنی ٹانگ اڑانا چھوڑ دے، ثروت اعجاز قادری

امریکہ کو ایران کے سمندری راستوں کی بندش مہنگی پڑ جائے گی، چیئرمین پاکستان سنی تحریک

کراچی (پ۔ر) چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے امریکی صدر کی جانب سے ایران کے سمندری راستوں کی بندش سے متعلق دیے گئے اشتعال انگیز بیان کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے کھلی جارحیت اور عالمی قوانین کی صریح خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکہ ایک بار پھر اپنی سامراجی ذہنیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دنیا کو اپنی طاقت کے زور پر دبانے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔ ثروت اعجاز قادری نے کہا کہ امریکہ کو ہر معاملے میں مداخلت کرنے کی عادت ہو چکی ہے اور وہ خود کو دنیا کا تھانیدار سمجھ بیٹھا ہے، حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ دنیا کے سمندر کسی ایک ملک کی جاگیر نہیں ہیں۔ ایران کے سمندری راستوں کی بندش کی بات کرنا دراصل عالمی تجارت، معیشت اور امن کے خلاف اعلانِ جنگ ہے۔

امتحانی نظام میں بدترین بدانتظامی کا نوٹس لیا جائے، پرویز ہارون

کراچی (پ۔ر) سندھ پرائیویٹ انسٹی ٹیوشنز کونسل کے چیئرمین پرویز ہارون نے امتحانی نظام میں بڑھتی ہوئی بے ضابطگیوں پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امتحانی نظام میں کسی بھی قسم کی غفلت، بدانتظامی یا کرپشن ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور ذمہ دار عناصر کے خلاف فوری اور بلاامتیاز کارروائی ناگزیر ہو چکی ہے۔ انہوں نے امتحانات کو تعلیمی نظام کی ریڑھ کی ہڈی قرار دیتے ہوئے کہا کہ معمولی سی بے ضابطگی بھی طلبہ کے مستقبل کو تباہ کر سکتی ہے، لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں ناکام نظر آ رہے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو تعلیمی نظام پر عوام کا اعتماد مکمل طور پر ختم ہو سکتا ہے۔ پرویز ہارون نے واضح الفاظ میں کہا کہ تمام تعلیمی ادارے، امتحانی مراکز اور بورڈز اپنی ذمہ داریاں دیانتداری، شفافیت اور سخت نظم و ضبط کے ساتھ ادا کریں، بصورت دیگر سخت احتساب کے لیے تیار رہیں۔

صدر دفتر بلدیہ عظمیٰ کراچی میں مطالعاتی دورے پر آئے ہوئے MITE کے طلبہ کا ڈپٹی میئر کراچی سلمان مراد کے ہمراہ گروپ فوٹو

عیدالاضحیٰ انتظامات کے سلسلے میں کنٹی جنسی پلان پر بریفنگ

آگاہی فراہم کی گئی، لینڈ فل سائٹ پر ٹرینچز بنانے کے لئے جگہ کا انتخاب کرنے کی ہدایت

کراچی (پ۔ر) مینجنگ ڈائریکٹر سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ طارق علی نظامانی کی زیرِ صدارت اجلاس میں عیدالاضحیٰ انتظامات کے سلسلے میں حکمتِ عملی مرتب دینے کے حوالے سے ہدایات دی گئیں۔ متعلقہ افسران اور نجی کمپنیز کے عہدیداران نے کنٹی جنسی پلان پر بریفنگ دی۔ ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ نے ہدایت دی کہ آلائشوں کو جمع کرنے کے لیے کلیکشن پوائنٹس زون وائز بنائے جائیں گے۔ نئے سینیٹری لینڈ فل سائٹ پر آپریشن سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی، تمام افسران اور کمپنیز کو ہدایت دی گئی کہ نئے سینیٹری لینڈ فل سائٹ پر ایس او پی کے مطابق کچرا بھیجا جائے۔ علاوہ ازیں جام چاکرو اور گوند پاس لینڈ فل سائٹ پر ٹرینچز بنائی جائیں گی اس سلسلے میں متعلقہ افسران کو جلد سے جلد جگہ مختص کرنے کی ہدایت دی گئی۔ اجلاس میں انہوں نے کہا کہ کلیکشن پوائنٹس، آلائش اٹھانے کے لئے گاڑیاں اور عملے کی لسٹ عید سے 15 دن قبل فائنل کر کے جمع کرا دی جائے تاکہ گاڑیوں کو ایس ایس ڈبلیو ایم بی کے سسٹم سے منسلک کر دیا جائے۔ اس کے علاوہ آپریشن کے لئے تمام مشینری اور چونے کے انتظامات یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی گئی۔ ایم ڈی سالڈ ویسٹ نے کنٹریکٹرز اور متعلقہ افسران کو عیدالاضحیٰ کے انتظامات، کلیکشن پوائنٹس، آلائشوں کو مدفون کرنے کے مقامات، کیمپس لگانے، پانی و دیگر انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ تمام بلدیاتی اداروں اور دیگر ایجنسیز کے ساتھ مکمل کوآرڈینیشن کے ساتھ عیدالاضحیٰ پر عوام کو ریلیف فراہم کرنا ترجیح ہے تمام زونز میں شکایتی مراکز فعال رکھے جائیں۔

ملازمین کی زندگی اور صحت ہمارے لیے سب سے زیادہ اہم ہے، چیئرمین نیو کراچی

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کی جانب سے ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ کو حفاظتی سامان کی فراہمی

کراچی (پ۔ر) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے ایم اینڈ ای (الیکٹرک) ڈپارٹمنٹ کی کارکردگی بہتر بنانے اور ملازمین کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ہیلپنگ ایکوپمنٹ اور حفاظتی سامان محکمہ کے حوالے کر دیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر، وائس چیئرمین یونین کونسل 5 توقیر خان، ڈائریکٹر ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ سید شفقت عالم، انجینئر عرفان شیخ، انجینئر واجد علی، ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ کے افسر خالد حسین، ایڈیشنل ڈائریکٹر سینی ٹیشن مشتاق خان اور دیگر افسران و ملازمین بھی موجود تھے۔ اس موقع پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین انتہائی مشکل حالات میں اپنی خدمات انجام دیتے ہیں۔ خصوصاً بارش، ہنگامی صورتحال اور حادثات کے دوران بجلی کے پولوں پر چڑھ کر مرمت اور اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب جیسے خطرناک کام سرانجام دیتے ہیں، جس سے حادثات کا خدشہ موجود رہتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملازمین کی زندگی اور صحت ہمارے لیے سب سے زیادہ اہم ہے، اس لیے حفاظتی سامان اور جدید متعلقہ ٹولز کی فراہمی ناگزیر تھی۔ چیئرمین محمد یوسف نے مزید کہا کہ اگرچہ اس سامان کی فراہمی میں کچھ تاخیر ہوئی تاہم اب وعدے کے مطابق ایم اینڈ ای ڈیپارٹمنٹ کو حفاظتی لباس، ہیلپنگ ایکوپمنٹ، ایمرجنسی لائٹس اور دیگر ضروری اوزار فراہم کر دیے گئے ہیں۔

ایک طرف سیز فائر دوسری جانب دھمکی آمیز بیانات تشویش ناک ہیں، حنیف طیب

کراچی (پ۔ر) نظام مصطفیٰ پارٹی کے چیئرمین سابق وفاقی وزیر پیٹرولیم و قدرتی وسائل ڈاکٹر حاجی محمد حنیف طیب نے کہا کہ ایک طرف عارضی سیز فائر ہے ابھی مذاکرات کا پہلا مرحلہ ختم ہوا ہے دوسری جانب دھمکی آمیز بیانات انتہائی تشویش ناک ہیں امریکی صدر کی جانب سے آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی اور فوجی مداخلت عالمی معیشت کے لئے خطرہ ہے۔

بلدیہ عظمیٰ کراچی نوجوانوں کی آراء کو بہت اہمیت دیتی ہے، ڈپٹی میئر سلمان مراد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد نے کہا ہے کہ بلدیہ عظمیٰ کراچی جدید خطوط پر شہری سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کر رہی ہے اور اس سلسلے میں نوجوانوں کی آراء اور تجاویز کو بھی اہمیت دی جا رہی ہے، تعلیمی اداروں اور بلدیاتی اداروں کے درمیان مضبوط رابطہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔

سندھ بھر سے



بدین: ممتا پروگرام میں رجسٹریشن کے لیے ایک مزید ڈیسک کا افتتاح

ممتا پروگرام معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کے لیے ایک اہم اور قابلِ تحسین اقدام ہے، کاشف منگی

بدین (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون کاشف رضا منگی نے ڈسٹرکٹ اسپتال ڈاکٹر سکندر علی مندھرو میں حاملہ خواتین کی سہولت کے پیشِ نظر ممتا پروگرام میں رجسٹریشن کے لیے ایک مزید ڈیسک کا افتتاح کر دیا۔ انہوں نے اس دوسرے ڈیسک کا تفصیلی دورہ بھی کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سندھ سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کا ممتا پروگرام معاشرے کے کمزور اور ضرورت مند طبقات کے لیے ایک اہم اور قابلِ تحسین اقدام ہے۔ یہ پروگرام بالخصوص خواتین اور بچوں کی بہتری، صحت اور غذائیت کو بہتر بنانے کے لیے شروع کیا گیا ہے، جو ان کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لا رہا ہے انہوں نے کہا کہ ممتا پروگرام کے ذریعے نہ صرف مالی معاونت فراہم کی جا رہی ہے بلکہ عوام میں صحت سے متعلق شعور بھی اجاگر کیا جا رہا ہے، جو ایک صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے نہایت ضروری ہے۔ یہ پروگرام غریب خاندانوں کے لیے امید کی کرن بن کر سامنے آیا ہے اور ان کی زندگیوں میں آسانیاں پیدا کر رہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ سندھ سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کا یہ اقدام حکومتِ سندھ کی عوام دوست پالیسیوں کا عکاس ہے، جو سماجی تحفظ کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ انسانی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کر رہا ہے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر سیدہ رضوانہ حسین شاہ نے ممتا پروگرام کے دوسرے ڈیسک کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈسٹرکٹ اسپتال ڈاکٹر سکندر علی مندھرو میں ممتا پروگرام کامیابی سے جاری ہے۔ اسپتال میں پہلے سے ایک رجسٹریشن ڈیسک موجود ہے، تاہم رش زیادہ ہونے کے باعث ایک مزید ڈیسک قائم کیا گیا ہے تاکہ حاملہ خواتین کی زیادہ سے زیادہ رجسٹریشن ممکن بنائی جا سکے انہوں نے بتایا کہ ایک ڈیسک بلاک بی میں جبکہ دوسرا ڈیسک بلاک ڈی میں قائم کیا گیا ہے افتتاحی تقریب میں ہیڈ آف کیمپس ڈاکٹر سکندر میمن، اے ڈی ایچ او ڈاکٹر وسیم عباس خواجہ، اے ڈی ایچ او ڈاکٹر رسول بخش میمن، ڈاکٹر حرمت سومرو، ڈاکٹر سیما، ڈاکٹر سندھو خواجہ، ڈاکٹر ام کلثوم سمیت دیگر ڈاکٹرز بھی موجود تھے۔

بدین: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون کاشف رضا منگی ڈسٹرکٹ اسپتال ڈاکٹر سکندر علی مینندھرو میں ممتا پروگرام کے سیکنڈ ڈیسک کا افتتاح کر رہے ہیں

قتل کا جرم ثابت ہونے پر سزائے موت کا حکم

محراب پور (پاکستان بلیٹن) قتل کا جرم ثابت ہونے پر سزائے موت کا حکم، 4 لاکھ جرمانہ بھی عائد ایڈیشنل سیشن جج مورو جاوید حیدر پھلپوٹو کی عدالت نے قتل کا جرم ثابت ہونے پر ملزم محمد اقبال دل ولد حاجی حیات دل کو سزائے موت کا حکم سنایا ہے، عدالت نے ملزم پر چار لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کیا ہے جو مقتول کے ورثاء کو بطور معاوضہ ادا کیا جائے گا، جرمانے کی عدم ادائیگی کی صورت میں ملزم کو مزید چھ ماہ قید بھگتنا ہوگی، ملزم پر کمسن لڑکے محمد جمیل کے قتل کا الزام تھا۔

ٹھٹھہ: نجی بینک خالی آسامیاں، دودراز کے نوجوان نظر انداز

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ کی ایک نجی بینک کی جانب سے مختلف خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز کی تاریخ مقرر کرنے کے باوجود دور دراز علاقوں سے آنے والے نوجوانوں کو نظرانداز کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ متاثرہ نوجوانوں نے احتجاج کرتے ہوئے انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں سجاول، بدین اور ٹنڈو محمد خان سے تعلق رکھنے والے متاثرہ نوجوانوں، جن میں عرفان لغاری، عالم نبی پنہور، عبدالخالق لغاری، وحید جانڈیو، محبوب جانڈیو، شیراز عباسی، سیرر احمد پنہور، ثاقب کمار اور دیگر شامل ہیں، پریس کلب ٹھٹھہ پہنچ کر شدید احتجاج کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ٹھٹھہ کی ایک نجی مائیکرو بینک انتظامیہ نے بینک میں خالی آسامیوں پر تعلیم یافتہ نوجوانوں کی بھرتی کے لیے آج انٹرویوز کی تاریخ مقرر کی تھی۔ نوجوانوں کا کہنا تھا کہ وہ صبح سویرے انٹرویو دینے کے لیے بینک پہنچ گئے، لیکن دوپہر 3 بجے تک انہیں انٹرویو کے لیے نہیں بلایا گیا، جبکہ صرف من پسند افراد کو بینک مینیجر نے بلا کر ان کے انٹرویوز لیے، جو ان کے ساتھ زیادتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں پہلے ہی مہنگائی کے ساتھ بے روزگاری عروج پر ہے، اور نوجوان روزگار نہ ملنے کی وجہ سے انتہائی پریشانی کا شکار ہیں۔

ٹراما سینٹر دولتپور کی تعمیر، مرمت اور مکمل بحالی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس

نواب شاہ (و۔آ) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی کی زیرِ صدارت ٹراما سینٹر دولتپور کی تعمیر، مرمت اور مکمل بحالی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈی سی آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی نے کہا کہ ٹراما سینٹر دولتپور علاقے کے عوام کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل منصوبہ ہے، جس کی بحالی سے ہنگامی حالات میں زخمیوں اور مریضوں کو بروقت طبی امداد فراہم کی جا سکے گی۔ انہوں نے ایگزیکٹو انجینئر پروونشل بلڈنگز کو ہدایت کی کہ ٹراما سینٹر کی تعمیراتی اور مرمتی کام کی رفتار تیز کی جائے اور تمام کام مقررہ وقت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ صحت کی سہولیات کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

محراب پور: چوری کی واردات کا سلسلہ جاری

محراب پور (پاکستان بلیٹن) چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری، پولیس نے منشیات فروش خاتون اور مرد کی گرفتاری کا دعویٰ کر دیا، مورو پولیس تھانہ کی گاؤں دھیرن میں قائم ویٹرنری اسپتال سے چور فرنیچر سمیت قیمتی سامان چرا کر لے گئے، مورو کے کریم شاہ اسکول کے ہیڈ ماسٹر محمد رفیق میمن کی گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل چابی چور لے اڑا، ضلعی پولیس ترجمان شوکت کلو کے مطابق نوشہرو فیروز اور ٹھارو شاہ پولیس نے ایاز کالونی میں ایک گھر پر چھاپہ مار کر گل بہار خاص خیلی اور مسمات عالیہ زوجہ پیارو کھوسو کو 315 پیکٹ گٹکا سمیت گرفتار کر لیا، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سالانہ حضرت ابوبکر صدیقؓ کانفرنس اور مدرسے کے طلبہ کی دستار بندی کا جلسہ

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ کی شاہجہان جامع مسجد میں سالانہ "حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کانفرنس اور محمد حسین ٹھٹوی مدرسے کے طلبہ کی دستار بندی" کا جلسہ منعقد کیا گیا، جس میں دینی علما سمیت مسلمانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ اس موقع پر مفتی محمد حسین ٹھٹوی مدرسے سے قرآن پاک حفظ کرنے والے طلبہ کی دستار بندی بھی کی گئی۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا مفتی اسد علی سکندری، مفتی محمد احمد نعیمی، پیر غلام رضوانی جیلانی، پروفیسر ڈاکٹر عبدالوہاب، اکرم قادری، صاحبزادہ محمد مسرور احمد نقشبندی، علامہ سید دلبر شاہ شیرازی، علامہ میاں محمد برکاتی، مولانا فضل اللہ حسینی، منظور احمد لغاری، سلیمان نجیر، سید اسماعیل شاہ بگارہ، شاہجہان جامع مسجد ٹھٹھہ کے خطیب مفتی محمد شاکر صدیقی اور دیگر نے کہا کہ موجودہ دور میں دینِ اسلام کی اصل روح کے مطابق زندگی گزار کر ہی ہم دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

محراب پور: آراہ مشین میں آکر بچہ زخمی، اسپتال منتقل

محراب پور (پاکستان بلیٹن) آراہ مشین میں آکر بچہ زخمی، اسپتال منتقل، کمال ڈیرو پولیس تھانہ کی حدود کچے کے علاقے ماہی جو بھان میں 7 سالہ علی شایان ولد شاہنواز گوپانگ اچانک سے چلتے ہوئے آراہ مشین کی زد میں شدید زخمی ہو گیا، ذرائع کے مطابق بچہ اچانک سے آراہ مشین کی لپیٹ میں آکر زخمی ہوا، پولیس کے مطابق بچے کو ابتدائی طبی امداد بعد گمس اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 01

کر رہ گئی ہے۔ متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے کہا کہ گیس کے بھاری بلوں کی ادائیگی کے باوجود گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑے ہیں، جس کے باعث خواتین کو کھانا پکانے میں شدید دشواری کا سامنا ہے۔ متوسط اور محنت کش طبقہ اب مہنگے ہوٹلوں سے کھانا خریدنے یا سلنڈر مافیا سے مہنگی گیس لینے پر مجبور ہے، جس نے ان کے بجٹ کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق ایک طرف مہنگائی کا بوجھ ہے تو دوسری طرف بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی نے شہریوں کو سڑکوں پر نکلنے پر مجبور کر دیا ہے۔

بقیہ نمبر 02

صوبائی محتسب سندھ دفتر سے متعلق مزید عوامی آگاہی کے لیے طلبا سے تجاویز طلب کیں۔ طلبا نے صوبائی محتسب سندھ کے کمپلینٹ مینجمنٹ سسٹم کو عوام کے اعتماد کے لیے مؤثر اور اہم قدم قرار دیا اور صوبائی محتسب سندھ دفتر کے ذریعے سرکاری محکموں سے متعلق شکایات کے مفت و فوری حل کے لیے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر مزید فعال ہونے کی ضرورت ہے پر روشنی ڈالی۔ صوبائی محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت نے طلبا کی جانب سے پیش کردہ مختلف تجاویز کو سراہتے ہوئے طلبا کی جانب سے ایمبیسڈر پروگرام کو پراجیکٹ بیسڈ پروگرام بنانے کی تجویز پر غور کرنے کی یقین دہانی کروائی۔ تقریب تقسیم اسناد میں سیکریٹری صوبائی محتسب سندھ سید جنید احمد، ایڈوائزر ریحانہ جی علی میمن و دیگر بھی شریک تھے۔

بقیہ نمبر 03

سید علی حسن کو انکوائری افسر مقرر کر کے 5 روز میں رپورٹ طلب کر لی۔ واقعے کی تحقیقات کے حوالے سے پولیس ذرائع نے بتایا کہ ماڑی پور پولیس پارٹی نے ٹرنک بیچ پر قائم ہٹ پر چھاپہ مارا تھا جو کہ زبیدہ عرف ادیبہ کی سربراہی میں کھیلا جا رہا تھا۔ ماڑی پور پولیس نے 12 اپریل 2026 کو واقعے کا مقدمہ نمبر 134 بجرم دفعہ A-5/5 قمار بازی ایکٹ کے تحت درج کیا تھا، ایس ایچ او ماڑی پور کی جانب سے جمع کرائی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ پولیس نے مجموعی طور پر 40 ملزمان کو گرفتار کیا اور ان کے قبضے سے 2 لاکھ 55 ہزار 500 روپے برآمد کیے۔ پولیس ذرائع کے مطابق معتبر ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق چھاپے کے دوران تقریباً 48 لاکھ 79 ہزار روپے برآمد کی گئی تھی جو کہ مقدمہ میں ظاہر کی گئی رقم سے بالکل مختلف بڑی رقم ہے۔ متعلقہ حکام کی جانب سے سنگین تضاد اور بنیادی طور پر بدانتظامی اور غفلت کی نشاندہی کرتا ہے جبکہ گرفتاری کے دوران ملزمان سے کچھ اہم برآمدگی ہوئی تھیں جس میں جاوید نامی شخص سے ایک موبائل فون، گھڑی اور ایک لاکھ 80 ہزار روپے نقدی، عادل عارف سے موبائل فون، ایک بیگ جس میں 30 لاکھ 77 ہزار روپے نقد، 21 تولہ سونا، لائسنس یافتہ نائن ایم ایم پستول پرس جس میں 28 ہزار روپے بھی تھے۔ محمد اقبال سے چابی، موبائل فون اور پرس سے ملنے والے 25 سے 30 ہزار روپے، محمد طاہر سے چابی، پرس اور 49 ہزار روپے، کامران یوسف سے گھڑی، موبائل فون اور پرس سے 26 ہزار 500 روپے، ثاقب سے گھڑی، بریسلیٹ، چابی اور پرس جس میں ایک لاکھ روپے، ایاز احمد موبائل فون اور 22 سے 23 ہزار روپے، حمزہ سے موبائل فون اور 73 ہزار روپے جبکہ عرفان سے موبائل فون، گھڑی اور 80 ہزار روپے ملے تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق اس تمام صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے سفارش کی جاتی ہے کہ اس خورد برد میں جو بھی ملوث پایا جائے اس کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایس ایچ او ماڑی پور اسلم خان کے ہمراہ سادہ لباس کاشف نامی شخص بھی موجود تھا جو کہ پولیس اہلکار بھی بتایا جاتا ہے اور وہ مبینہ طور پر جواریوں سے ملنے والی رقم تھیلوں میں بھر کر اپنے ہمراہ لے گیا تھا۔

بقیہ نمبر 04

روپے مالیت سے لگائے گئے ایس 4 سسٹم کی تنصیب کے بعد گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں چھیننے کی وارداتیں بھی حیران طور پر بڑھ گئیں جس سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا کہ تجربات کے ساتھ ساتھ کروڑوں روپے مالیت کے جدید کیمرے سے بھی استفادہ حاصل نہیں جا سکا۔ تاہم 2 سالوں کے دوران موٹر سائیکل اور گاڑیاں چوری کی وارداتوں میں انتہائی معمولی کمی سامنے آئی جبکہ کروڑوں روپے مالیت کے سندھ اسمارٹ سرویلنس سسٹم کی تنصیب کے بعد پولیس کارروائی کے دوران چوری اور چھینی گئی موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں کی برآمدگی کا گراف بھی نیچے آ گیا۔ سابق آئی جی سندھ غلام نبی میمن کے مطابق تمام کیمرے سینٹرل پولیس آفس (سی پی او) کے کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم سے منسلک کیے گئے ہیں تاہم حیرت انگیز طور پر ایس 4 کیمروں کی تنصیب کے بعد گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں چوری کی وارداتوں میں تو معمولی کمی آئی لیکن چھینا جھپٹی کی وارداتیں وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بڑھتی چلی گئیں۔ منصوبے کی تنصیب سے قبل 12 ماہ کے دوران گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں چوری اور چھینی جانے کے اعداد و شمار کا جائزہ لیا جائے تو ستمبر 2022 سے اگست 2023 کے دوران شہر قائد میں کار چوری کے 2042 جبکہ کار چھیننے کے 219 واقعات رپورٹ ہوئے تھے

بقیہ نمبر 05

کانفرنس کرتے ہوئے فاروق ستار نے کہا کہ خالد مقبول صدیقی نے عدالتی تحقیقات سے متعلق وزیرِ اعظم کو خط لکھا تھا، خط لکھنے کے بعد سندھ حکومت نے نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا۔ نامعلوم افراد کے خلاف گلِ پلازہ میں ایف آئی آر درج کرائی گئی، 4 فروری کو سانحہ گل پلازہ پر انکوائری کمیشن بن گیا، سانحے کی انکوائری میں شمولیت کے لیے ایم کیو ایم نے درخواست جمع کروائی۔ میڈیا کے مطابق فاروق ستار نے کہا کہ کمیشن کی رپورٹ کو پبلک کرنے کی ضرورت تھی، کمیشن کی رپورٹ بند لفافے میں وزیرِ اعلیٰ سندھ کو بھیج دی گئی، یہ سامنے اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ لاپرواہی ہوئی ہے۔ سندھ حکومت نے رپورٹ کو کابینہ میں پیش کیا اور پبلک نہیں کیا، رپورٹ وزیر داخلہ ضیا لنجار کے حوالے کر دی گئی کہ وہ اس پر عملدرآمد کریں۔ فاروق ستار کا مزید کہنا تھا کہ ایم کیو ایم کو انکوائری کمیشن نے سننے سے انکار کیا، سانحہ گل پلازہ میں انکوائری کمیشن کی رپورٹ کو عوام کے سامنے لانا چاہیے تھا، ہم نے کمیشن کی انکوائری سے شہری کے طور پر معاونت کی درخواست کی۔ بہت کم لوگ رضاکارانہ طور پر کمیشن میں پیش ہوئے، انکوائری کمیشن نے 8 اپریل کو حکومت کو رپورٹ جمع کروا دی، آگ بجھانے میں کیوں تاخیر ہوئی اس کی تحقیقات ہونی چاہئیں۔

بقیہ نمبر 06

کردار ادا کر رہا ہے، مسلمانوں کو پہلے سے زیادہ اتحاد کی ضرورت ہے، حکومتی اتحاد کا حصہ ہیں۔ چیئرمین سینیٹ کا کہنا تھا کہ بھارتی جارحانہ اقدامات کے باوجود پاکستان نے تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کیا، پاکستان نے بھارتی جارحیت پر حق دفاع کا استعمال کیا، پاکستان خصوصاً خلیجی ممالک کے لیے اس وقت بڑی آزمائش ہے۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان کی کوششوں سے ایران امریکا جنگ بندی ممکن ہوئی، پاکستان کی کوشش ہے کہ ایران اور امریکا جنگ بندی برقرار رہے، او آئی سی بھی اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ دوسری جانب قیام امن کے حوالے سے پوری دنیا پاکستان کی کوششوں کی معترف ہے۔

بقیہ نمبر 07

گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اطلاعات کے مطابق فریقین معاہدے کے قریب تھے لیکن اچانک پیش رفت رک گئی، اور عالمی طاقتوں کے اثرات کی وجہ سے صورتحال متاثر ہوئی۔

بقیہ نمبر 08

اعتماد کا اظہار کیا ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب عوام کی توقعات پر پورا اتر رہی ہیں۔ اپنے ایک بیان میں عظمٰی بخاری کا کہنا تھا کہ صرف 2 سال کے مختصر عرصے میں مریم نواز نے اپنی انتھک محنت اور عوامی خدمت کے جذبے سے پنجاب کے عوام کو اپنا گرویدہ بنا لیا ہے۔ ماضی میں عوام حکومت کو ڈھونڈتے پھرتے تھے، لیکن آج مریم نواز کی قیادت میں حکومت خود عوام کی دہلیز پر پہنچ رہی ہے۔ مریم نواز نے ترقی کا سفر صرف لاہور تک محدود نہیں رکھا بلکہ اسے پورے پنجاب میں منتقل کر دیا ہے۔ آج پنجاب میں میرٹ، گڈ گورننس اور شفافیت کا ایک ایسا معیار قائم ہو چکا ہے جس کی ماضی میں مثال نہیں ملتی۔ سفارشی کلچر کو جڑ سے اکھاڑ پھینک دیا گیا ہے اور ہر شعبے میں صرف اور صرف میرٹ کو بنیاد بنایا گیا ہے۔ صوبائی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ پنجاب میں اب کوئی ایسا طبقہ نہیں رہا جسے حکومت نے ریلیف فراہم نہ کیا ہو۔ ہمارے ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت سے پہلے مکمل ہو رہے ہیں، جس کی بدولت قومی خزانے کے اربوں روپے کی بچت ہو رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہر سروے میں مریم نواز کی مقبولیت کا گراف مسلسل بڑھ رہا ہے۔ عظمٰی بخاری نے عزم کا اظہار کیا کہ ترقی اور خوشحالی کا یہ سفر رکنے والا نہیں ہے۔ اگلے تین سالوں میں پنجاب میں ترقی کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے گا تاکہ صوبے کا ہر شہری خوشحال ہو اور پنجاب صحیح معنوں میں ایک ماڈل صوبہ بن کر ابھرے۔

بقیہ نمبر 09

کی ملاقات جیل مینول کے تحت ہر ہفتے کرائی جاتی ہے۔ قبل ازیں بانی پی ٹی آئی کے وکیل سلمان صفدر نے لاہور ہائیکورٹ بار میں گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ ان کے مؤکل کی صحت اور قید تنہائی کی صورت حال نہایت تشویشناک ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی وکالت کرتے چار سال ہو چکے ہیں مگر رواں سال اب تک صرف ایک ہی ملاقات ممکن ہو سکی ہے۔

بقیہ نمبر 10

سے مبینہ مقابلہ ہوا، جہاں فائرنگ کے تبادلے کے بعد تین ڈاکوؤں کو حراست میں لے لیا گیا، جن میں دو زخمی بھی شامل ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ زخمی ملزمان طارق احمد اور ساجن کو فوری طور پر جناح ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ تیسرے گرفتار ملزم مدثر کو مزید تفتیش کے لیے تھانے منتقل کر دیا گیا ہے۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے تین پستول، نقدی، موبائل فونز اور ایک گاڑی برآمد ہوئی ہے۔ پولیس نے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا ہے اور ملزمان کے جرائم کے دیگر پہلوؤں کی بھی جانچ کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 11

فراہمی، نئے روٹس کے اجرا اور خواتین کے لیے خصوصی اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں سیکریٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، مینیجنگ ڈائریکٹر سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کنول نظام بھٹو، پیپلز بس سروس کے پروجیکٹ ڈائریکٹر صہیب شفیق سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ حالیہ ہفتے سکھر تا شکارپور پیپلز بس سروس کا باقاعدہ آغاز کیا جائے گا، جس سے دونوں شہروں کے درمیان سفر کرنے والے ہزاروں مسافروں کو سہولت میسر آئے گی۔ مزید برآں، منصوبے کے اگلے مرحلے میں خیرپور تا روہڑی اور خیرپور تا رانی پور کے روٹس پر بھی بس سروس شروع کی جائے گی۔ کراچی سمیت سندھ بھر میں ٹرانسپورٹ نیٹ ورک کو وسعت دینے پر اتفاق کیا گیا، جبکہ بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کراچی میں نئے روٹس بھی متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ حکومت سندھ کی جانب سے حیدرآباد کے لیے بھی خصوصی منصوبہ بندی جاری ہے، جہاں حیدر چوک تا کوہسار اور حیدرآباد تا ٹنڈو الٰہیار روٹس پر جلد پیپلز بس سروس شروع کی جا رہی ہے۔ اجلاس میں آئندہ مالی سال کے دوران ای وی، ہائبرڈ اور ڈبل ڈیکر بسوں کی خریداری، جبکہ مختلف اضلاع میں مرحلہ وار نئی بس سروسز شروع کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ اجلاس میں خواتین کو بااختیار بنانے کے ویژن کے تحت سکھر اور حیدرآباد میں خواتین کو پنک اسکوٹیز فراہم کرنے کی تقریبات جلد منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ سندھ حکومت کی اولین ترجیح خواتین کو محفوظ اور بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا ہے، اور کراچی کے بعد دیگر شہروں میں پنک اسکوٹیز کی فراہمی اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ اجلاس میں ای وی ٹیکسی اور پنک ٹیکسی سروس کے آغاز کے لیے چارجنگ اسٹیشنز اور دیگر ضروری انفرا اسٹرکچر پر جاری کام کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ اس ماہ کے آخر تک ای وی ٹیکسی سے متعلق تمام تقاضے مکمل کر لیے جائیں گے، جس کے بعد یہ سروس جلد عوام کے لیے دستیاب ہوگی۔ ان کا کہنا تھا کہ اس اقدام سے نہ صرف شہریوں کو جدید سفری سہولیات میسر آئیں گی بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

بقیہ نمبر 12

افسران کے کان پر جوں تک نہ رینگی، مسافروں کی جان جاتی ہے تو جائے، کروڑوں اربوں روپے کا مال تباہ برباد ہوتا ہے تو ہو جائے، کسی بھی ریلوے افسر کو فرق نہیں پڑتا۔ ملنے والی معلومات اور اعداد و شمار کے مطابق پاکستان ریلویز کی جانب سے نجی کمپنیوں کے اشتراک سے چلائی جانے والی ریل گاڑیوں کے حادثات میں کمی نہ آ سکی، حالات اس قدر خراب ہو چکے ہیں کہ مسافر ٹرینوں کے ساتھ ساتھ مال بردار ٹرینوں کا پٹڑیوں سے اترنا معمول بن گیا ہے۔ ریل گاڑیوں کے بڑھتے ہوئے حادثات سے مین لائن پر چلنے والی ٹرینوں کا شیڈول بھی درہم برہم ہو کر رہ گیا ہے۔ کے پی کے سے لیکر سندھ تک چلنے والی درجنوں مسافر اور مال بردار ریل گاڑیوں کی روانگی میں کئی کئی گھنٹے تاخیر معمول بن چکی ہے۔ مسافر ہزاروں روپے کی ٹکٹ لیکر ریلوے اسٹیشن پر ٹرین کے انتظار میں گھنٹوں سولی پر لٹکے رہنے پر مجبور ہو چکے ہیں۔ حادثات کی وجہ سے اور کئی روز گزرنے کے بعد ٹرینوں کا شیڈول معمول پر آتا ہے جبکہ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی سخت ہدایات بھی کسی کام نہ آ سکیں۔ ریلوے ذرائع کے مطابق یکم جنوری سے لے کر اب تک مسافر اور مال بردار ٹرینوں کے پٹڑیوں سے اترنے اور پہلے سے کھڑی ریل گاڑیوں کے آپس میں ٹکرانے سمیت مختلف نوعیت کے 20 سے زائد حادثات رونما ہو چکے ہیں جن میں تین افراد جان بحق اور سیکڑوں مسافر زخمی ہوئے جبکہ حادثات کی وجہ سے پاکستان ریلوے کے انفرا اسٹرکچر کو بھی کروڑوں روپے کا نقصان پہنچا۔ ٹرینوں کے پے در پے حادثات سے ریلوے کے سیفٹی میکنس نظام پر سوالیہ نشان لگ گیا ہے اور ایک ماہ میں ٹرینوں کے کئی حادثے ہونے سے پریشانی کی لہر پیدا ہوتی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ تیز گام ٹرین کو لودھراں کے قریب حادثہ پیش آیا، ٹرین کی بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں جس کے باعث بعض مسافر زخمی ہو گئے۔ اسی طرح شالیمار ایکسپریس ٹرین روہڑی کے قریب کھڑی مال گاڑی سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں ایک ریلوے ملازم ندیم شاہ جاں بحق ہو گیا تھا، جس کے بعد قراقرم ایکسپریس ٹرین خانیوال کے قریب کپلنگ ٹوٹنے سے دو حصوں میں تقسیم ہو گئی اور ٹرین بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی۔ اسی طرح، کراچی سے براستہ لاہور راولپنڈی جانے والی ٹرین گرین لائن بھی وزیر آباد کے قریب بڑے حادثے سے بال بال بچ گئی۔ ٹرین کے بفر ٹوٹ گئے تاہم اس دوران ریلوے ٹریک کے ساتھ ریل سلیپر بھی ٹوٹ گئے جس کی وجہ سے ٹرین کو ایمرجنسی بریک لگا کر روک لیا گیا۔ اس کے بعد 6 اپریل کو پڈعیدن کے قریب مال گاڑی پٹڑی سے اتر گئی جس کے باعث مین لائن پر ریلوے ٹریفک معطل ہو کر رہ گئی تھی جبکہ گزشتہ روز شہداد پور کے قریب کراچی سے لاہور آنے والی شالیمار ایکسپریس ٹرین کی تین بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے ٹرینوں کے ہونے والے حادثات کی تحقیقات کا حکم دے دیا ہے اور ابتدائی رپورٹ میں ٹرین آپریشن سے متعلق ریلوے ملازمین کو حادثات کا ذمہ دار ٹھہرایا گیا ہے جبکہ ترجمان پاکستان ریلویز کا کہنا ہے کہ سفر کو محفوظ بنانے کے لیے سیفٹی پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا گیا بلکہ سیفٹی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے نیا ڈائریکٹوریٹ بنا دیا گیا ہے جہاں قابل ترین افسران اور عملہ تعینات کیا گیا ہے۔ ترجمان کے مطابق خستہ حال ٹریک پر انجینئرنگ رسکشنز بھی لگائی گئی ہیں، رہی بات ریلوے ملازمین کی نااہلی یا بدانتظامی کی تو ان کے خلاف قانون کے تحت کارروائی کی جاتی ہے اور باقاعدہ تحقیقات ہوتی ہیں جس کے بعد ذمہ داروں کو سزائیں بھی دی گئی ہیں اور جیل بھی گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 13

چیئرمین میٹرک بورڈ کراچی نے امتحانی مراکز میں پیسے لے کر چیٹنگ کروانے کے سنگین انکشاف پر بڑا ایکشن لیا۔ محکمہ تعلیم نے معاملے کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے بدعنوان اساتذہ کے خلاف مقدمہ بھی درج کروا دیا ہے۔ ناظم امتحانات نے بتایا کہ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہوئی تھی جس میں طلبہ سے نقل کروانے کے عوض رقم بٹورنے کے شواہد ملے تھے۔ چیئرمین میٹرک بورڈ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے نیشنل گرامر اسکول (شادمان ٹاؤن، ملیر) اور گریس اکیڈمی لرننگ اسکول (قائد آباد) کو بلیک لسٹ کر دیا جبکہ ان مراکز کے سپرنٹنڈنٹس کو بھی فوری طور پر عہدوں سے معطل کر دیا گیا ہے۔ معاملے کی مکمل شفافیت کے ساتھ چھان بین کے لیے ڈپٹی سیکریٹری بورڈ کی سربراہی میں ایک 5 رکنی اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے، جو اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ بورڈ نے طلبہ کی سہولت اور امتحانی عمل جاری رکھنے کے لیے مراکز کو فوری منتقل کر دیا ہے، گریس اکیڈمی قائد آباد کا سینٹر اب الائیڈ سیکنڈری اسکول (گلستان سوسائٹی) میں ہوگا جبکہ نیشنل گرامر اسکول ملیر کا سینٹر تبدیل کر کے گورنمنٹ بوائز سیکنڈری اسکول (خلد آباد) منتقل کر دیا گیا ہے۔ ناظم امتحانات نے کہا کہ تعلیمی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور نقل مافیا کی سہولت کاری کرنے والے عناصر کو نشان عبرت بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 14

شکایات اور حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر ایک معروف شنواری ریسٹورنٹ کے خلاف بڑی کارروائی کی ہے۔ ترجمان سندھ فوڈ اتھارٹی نے بتایا کہ چھاپے کے دوران ریسٹورنٹ سے بڑی مقدار میں ایسا گوشت برآمد ہوا جو انسانی استعمال کے لیے انتہائی مضر صحت اور ناقص تھا۔ معائنے کے دوران پایا گیا کہ ریسٹورنٹ کے فریزر کی حالت انتہائی ابتر تھی، جبکہ اشیائے خورد و نوش کھلی پڑی تھیں اور کچن میں صفائی کے انتظامات بھی ناقص تھے۔ ان سنگین خلاف ورزیوں پر ایکشن لیتے ہوئے ریسٹورنٹ کو فوری طور پر سیل کر دیا گیا اور مالکان پر 5 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر خوراک مخدوم محبوب الزماں نے اس کارروائی کے حوالے سے کہا ہے کہ عوام کو غیر معیاری اور ناقص خوراک فراہم کرنے والوں کے خلاف سندھ فوڈ اتھارٹی پوری طرح متحرک ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی پر "زیرو ٹالرنس" کی پالیسی اپنائی گئی ہے اور ایسے ذمہ داروں کے خلاف بلا امتیاز ایکشن جاری رہے گا جو شہریوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 15

ڈالا، جس پر محفل میں موجود افراد بھی مسکرا اٹھے۔ پروگرام کے ایک ہلکے پھلکے سیگمنٹ میں میزبان نے ان سے جملہ مکمل کرنے کو کہا کہ کراچی میں رہنا ایسا ہے جیسے۔ چند لمحوں کے توقف کے بعد شرمیلا فاروقی نے جواب دیا کہ کراچی میں رہنا ایسا ہے جیسے پیرس میں رہنا۔ ان کے اس غیر متوقع جواب پر وہاں موجود مہمانوں نے تالیاں بجا کر ردعمل دیا اور ماحول خوشگوار ہو گیا۔ اسی نشست کے دوران انہوں نے اپنی ذاتی دلچسپیوں پر بھی بات کی اور کہا کہ وہ سیاست چھوڑنے کا تصور تو کر سکتی ہیں، مگر ڈرامے دیکھنے کی عادت ترک کرنا ان کے لیے ممکن نہیں۔ ان کے مطابق وہ باقاعدگی سے اور شوق سے ڈرامے دیکھتی ہیں۔ شرمیلا فاروقی کے اس ہلکے پھلکے انداز نے پروگرام کو مزید دلچسپ بنا دیا، جبکہ ان کا کراچی اور پیرس کا موازنہ اب سوشل میڈیا پر بھی خوب زیر بحث ہے۔ جہاں صارفین دلچسپ تبصرے کر رہے ہیں جبکہ کچھ اس موازنے کو تنقید کا نشانہ بھی بنا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 16

کمپنی میسرز کوکو لیک کو لائسنس جاری کر دیا ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق کوکو لیک پاکستان کو نان بینکنگ فنانس کمپنی کا لائسنس جاری کیا گیا ہے۔ ایس ای سی پی نے کہا کہ کوکو لیک پاکستان بین الاقوامی شہرت یافتہ کمپنی علی بابا کی ذیلی کمپنی ہے اور یہ پاکستان میں بائے ناؤ پے لیٹر کی خدمات فراہم کرے گی، جس کے تحت صارفین ای کامرس مارکیٹ سے آسان قسطوں پر اشیا کی خریداری کر سکیں گے۔ اعلامیے کے مطابق علی بابا پاکستان میں براہ راست سرمایہ کاری بھی کرے گی۔ چیئرمین ایس ای سی پی ڈاکٹر کبیر احمد سدھو نے کہا کہ پاکستان کی بڑی صارف مارکیٹ اور تیزی سے بڑھتی ڈیجیٹل معیشت بین الاقوامی سرمایہ کاروں کے لیے خاصی دلچسپی رکھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے مالیاتی خدمات کے شعبے میں وسیع مواقع موجود ہیں۔ اس پیش رفت سے نوجوانوں، فری لانسرز اور چھوٹے کاروباروں کے لیے مالی سہولیات تک رسائی بہتر ہوگی۔ ڈاکٹر کبیر احمد سدھو کے مطابق علی بابا گروپ کی شمولیت سے مارکیٹ میں مقابلہ اور جدت آئے گی، جس سے مجموعی طور پر مالیاتی اور ڈیجیٹل شعبوں کی ترقی میں مدد ملے گی۔

بقیہ نمبر 17

کارڈ ہولڈرز کاشتکاروں سے ترجیحی بنیادوں پر گندم خریدنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ 2500 روپے فی من کے نرخ پر گندم خریداری کے 72 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو ادائیگی ضروری قرار دی گئی ہے، صوبائی اور ڈویژن کی سطح پر سٹریٹجک مینجمنٹ کمیٹیاں قائم کردی گئی، گندم خریداری کے امور کی مانیٹرنگ کی جائے گی۔ مریم نواز نے ورک اوو پنجاب گورنمنٹ پروگرام شروع کرنے کا اعلان بھی کر دیا ایگریکلچر گرایجویٹ سمیت دیگر کو انٹرن شپ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کا کہنا تھا کہ کسان کو متاثر نہیں ہونے دیں گے، زرعی ترقی کو پائیدار بنیادوں پر استوار کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 18

احترام کرنے میں ناکامی پر کیا۔ پی سی بی کا موقف ہے کہ پیشہ ورانہ کرکٹ اعتماد کی بنیاد اور معاہدوں کی یقین دہانی پر چلتی ہے، مذکورہ کرکٹر نے ذمہ داریوں کو نظر انداز کیا۔ ضروری شرائط بشمول معاوضے اور ڈھانچے پر تحریری خط و کتابت کے ذریعے اتفاق کے بعد اس کی پابندی کرنا ذمہ داری بن جاتی ہے، چنانچہ درست وجہ کے بغیر اس طرح کے وعدوں سے ہٹنے کی کوشش متضاد ذمہ داریوں اور نیک نیتی کے اصولوں کی خلاف ورزی ہے۔ پی سی بی کا کہنا ہے کہ اخلاقی فریم ورک پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا جبکہ دو سال کی پابندی خلاف ورزی کی سنگینی کو ظاہر کرتی ہے۔ زمبابوین کرکٹر نے پی سی بی کے ساتھ معاہدے کی خلاف ورزی کی تھی جس پر قانونی ایکشن لیا گیا۔ رواں سیزن میں اسلام آباد یونائیٹڈ کی نمائندگی کرنے پر رضامندی کے باوجود 29 سالہ بولر مزارابانی نے بھارتی لیگ کے ساتھ معاہدہ کر لیا تھا۔

بقیہ نمبر 19

انفلوئنسرز نے اداکارہ کی طرح رونے کی ویڈیوز بنانے کی کوشش کی، تاہم اداکارہ عروہ کے مطابق کوئی بھی اس چیلنج کو بخوبی انجام نہ دے سکا۔ جذباتی مناظر میں رونے کے فن پر مہارت حاصل کرنے سے متعلق بات کرتے ہوئے ماورا حسین نے کہا کہ ابتدا میں جب امی سے ڈانٹ پڑتی تھی تو رونا آتا تھا، تو میں خود کو آئینے میں دیکھا کرتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جب سیٹ پر پہلی بار رونا تھا تو مجھے لگا میں نے بہت پریکٹس کی ہے لیکن سیٹ پر میرے لیے رونا مشکل تھا کیونکہ جب آپ نئے ہوتے ہیں تو آپ کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اپنے جذبات کو کس طرح استعمال کرنا ہے، مجھے لگتا ہے کہ میں شروع میں رونے کے مناظر مکمل طور پر درست انداز میں ادا نہیں کر پاتی تھی، حالانکہ میں پوری ایمانداری سے کوشش کرتی تھی، وقت کے ساتھ میں نے یہ فن سیکھ لیا۔ دوران انٹرویو انہوں نے کہا کہ میرے لیے کسی بھی کردار کی بیک اسٹوری بہت اہم ہوتی ہے کیونکہ وہ آپ کی اداکاری میں مدد دیتی ہے، میں نے ہمیشہ اپنے اسکرپٹس کو سنجیدگی سے لیا، میری نیت ہمیشہ خالص رہی، جس نے میری رہنمائی کی۔ ماورا نے کہا کہ اپنے پہلے رونے کے منظر میں مجھے ہدایت کار کی جانب سے ڈانٹ پڑی، جس نے مجھے رونے میں مدد دی، اس وقت میں کم عمر تھی، اس لیے ہدایت کار کے سخت لہجے پر رونا آسان تھا، اب میں اپنے ہدایت کاروں کی تربیت سے بہت کچھ سیکھ چکی ہوں، میں نے سمجھ لیا ہے کہ دکھ کو اپنے اندر سے گزرنے دینا کیا ہوتا ہے اور اس نے میرے کیریئر کو مکمل طور پر بدل دیا۔

بقیہ نمبر 20

ریکارڈ ہوا، جس کے نتیجے میں نئی عالمی قیمت 4 ہزار 776 ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی کاروباری ہفتے کے دوسرے دن 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 4600 روپے کا اضافہ ریکارڈ ہونے سے نئی قیمت 499962 روپے فی تولہ ہو گئی۔ اسی طرح مقامی سطح پر فی 10 گرام سونے کی قیمت میں بھی 3943 روپے کا اضافہ ہو گیا اور نئی قیمت 429636 روپے کی سطح پر آ گئی۔ سونے کی قیمتیں بڑھنے کے ساتھ ہی ملک میں چاندی بھی مہنگی ہو گئی۔ فی تولہ قیمت میں 326 روپے کے اضافے سے چاندی کی نئی قیمت 8260 روپے اور 279 روپے کے اضافے سے 10 گرام چاندی کی قیمت 7081 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ نمبر 21

پکڑ لیا اور موقع پر ہی تشدد کا نشانہ بنایا۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آ گئی ہے۔ فوٹیج میں دیکھا جا سکتا ہے کہ مبینہ چور دن دہاڑے گھر کے باہر کھڑی موٹر سائیکل لے جانے کی کوشش کرتا ہے تاہم اسی دوران گھر سے شہری باہر نکل آتے ہیں جس پر ملزم فرار ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ بعد ازاں شہری ملزم کے پیچھے دوڑ کر اسے پکڑ لیتے ہیں اور موقع پر ہی قابو پا لیتے ہیں۔ فوٹیج میں شہریوں کی جانب سے مبینہ چور کی درگت بناتے ہوئے بھی مناظر دیکھے جا سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 22

تھے کہ سعود آباد پولیس کو واردات کی اطلاع مل گئی جس پر ملزمان کا فوری طور پر تعاقب کیا اور اس دوران پولیس اور ملزمان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں پولیس نے 2 ملزمان کو شدید زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ جن کی شناخت طارق احمد دھاریجو ولد نصیر احمد دھاریجو اور ساجن ولد ساگی سانوند جبکہ تیسرے ساتھی کو مدثر ولد نیاز خان کے نام سے شناخت کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق ملزمان کے مفرور ساتھی کی شناخت ہو گئی ہے جو واردات میں استعمال کی جانے والی سفید کرولا سمیت فرار ہوا ہے اور اس کی گرفتاری کے لیے پولیس چھاپے مار رہی ہے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضے سے کار کے مغوی مالک کو بحفاظت برآمد کر کے چھینی گئی سفید ہنڈا سٹی، ایک لاکھ 40 ہزار روپے نقدی، ایک نائن ایم ایم اور 2 پستول 30 بور اور گولیاں برآمد کر لیں جبکہ زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ گرفتار ملزمان عادی جرائم پیشہ ہیں اور ان کا سابقہ کرمنل ریکارڈ بھی سامنے آیا ہے، جس میں ان کے خلاف قتل، ڈکیتی، غیر قانونی اسلحہ برآمدگی، منشیات اور چوری سمیت دیگر دفعات کے تحت مختلف تھانوں میں مقدمات درج ہیں۔

بقیہ نمبر 23

HEC پروفیسر ڈاکٹر نیاز احمد اختر کے علاوہ کمشنر کراچی سید حسن نقوی کے علاوہ دیگر معززین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ نے اپنے خطاب میں کہا کہ سرکاری اور نجی اداروں میں اسپیشل افراد کے لیے مختص جاب کوٹے پر عمل درآمد کے لیے سندھ حکومت ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ سرکاری اداروں میں اسپیشل افراد کے کوٹے پر سختی سے عمل کیا جا رہا ہے جبکہ پبلک سیکٹرز اور صنعتی اداروں میں نجی جاب کوٹے پر عمل کے لیے ممکن کاوشیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس نمائش میں نہ صرف سرکاری اداروں بلکہ بڑی تعداد میں پبلک سیکٹرز کے بھی سٹالز موجود ہیں جو کی خوش آئند بات ہے۔ گزشتہ نمائش سے کافی بے روزگاروں کو جاب کے حوالے سے فوائد حاصل ہوئے ہیں امید ہے کہ اس دفعہ بھی جاب کے حوالے سے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع حاصل ہوں گے۔ وزیر بلدیات نے مزید کہا کہ عوام کو روزگار کی فراہمی چیئرمین بلاول بھٹو کا وژن اور پیپلز پارٹی کا منشور بھی ہے۔ وزیر بلدیات نے روزگار کی فراہمی کے لیے ڈاکٹر مجیش کمار اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہا۔ اس موقع پر وزیر بلدیات کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی جبکہ ناصر حسین شاہ نے سٹالز کا معائنہ بھی کیا۔

بقیہ نمبر 24

سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وزیر خزانہ نے پاکستان کیلئے سعودی فنڈ برائے ترقی کی مسلسل معاونت پر اظہار تشکر کیا اور مستقبل میں ترقیاتی شراکت داری کو مزید وسعت دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے سعودی عرب کے وزیر خزانہ کے ساتھ اپنی حالیہ ملاقات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات مضبوط اور باہمی اعتماد پر مبنی ہیں۔ گفتگو کے دوران مشرق وسطی میں جاری کشیدگی، اس کے عالمی توانائی سلامتی پر اثرات اور ممکنہ معاشی نتائج پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے اس تنازع کے جلد اور پرامن حل کی امید ظاہر کرتے ہوئے خطے میں استحکام کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، اقتصادی تعاون بڑھانے اور ترقیاتی منصوبوں میں شراکت داری کو فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ نمبر 25

ہے۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کی اہم ترین بندرگاہ پورٹ قاسم پر پیٹرول اور ایل پی جی کے جہازوں کی آمد کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری ہے، جس سے بندرگاہی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ دیکھا جا رہا ہے۔ پورٹ قاسم کے خصوصی فوٹکو ٹرمینل پر پیٹرول سے لدے دو مزید بڑے بحری جہاز پہنچ گئے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ بحری جہاز ایم ٹی بورگان سعودی عرب کی بندرگاہ ینبع سے 42 ہزار 418 ٹن موٹر آئل لے کر پورٹ قاسم پہنچا اور کامیابی کے ساتھ لنگر انداز ہو گیا ہے۔ اسی طرح، ایک اور بڑا بحری جہاز ایم ٹی لامو ہالینڈ کے شہر ایمسٹرڈیم سے 57 ہزار 650 ٹن پیٹرول (موٹر گیسولین) لے کر فوٹکو ٹرمینل پہنچا ہے۔ ان دونوں جہازوں کے ذریعے مجموعی طور پر ایک لاکھ ٹن کے قریب پیٹرولیم مصنوعات پاکستان پہنچی ہیں۔ پورٹ قاسم پر پیٹرول اور ایل پی جی کے جہازوں کی بیک وقت آمد سے جہاں بندرگاہی آپریشنز میں تیزی آئی ہے، وہیں ملک میں ایندھن کے ذخائر اور سپلائی چین مستحکم ہونے کی توقع ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ جہازوں سے تیل کی ترسیل کا عمل فوری طور پر شروع کر دیا جائے گا تاکہ ملک بھر میں پیٹرول پمپس تک ایندھن کی بروقت فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 26

الاقوامی پانیوں میں جہازوں پر امریکی پابندیاں بحری قزاقی ہیں۔ ایرانی بحریہ کے کمانڈر ایڈمرل شہرام ایرانی نے کہا کہ ٹرمپ کی دھمکیاں مضحکہ خیز ہیں، امریکی فوج کی نقل وحرکت پر مکمل نظر ہے۔ دوسری جانب ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکی ناکہ بندی عالمی معیشت سے انتقام ہے، کیا غیر قانونی جنگ عالمی معیشت سے بدلہ لے کر جیتی جا سکتی ہے۔ علاوہ ازیں حالیہ پیش رفت میں امریکی فوج کی جانب سے ایرانی بندرگاہوں کے گرد ناکہ بندی شروع کیے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جبکہ امریکی حکام نے خبردار کیا ہے کہ خلاف ورزی کرنے والے جہازوں کو روکا یا قبضے میں لیا جا سکتا ہے۔ تجزیہ کاروں کے مطابق اس صورتحال سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھنے کا خدشہ ہے اور عالمی سطح پر اس کے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 27

گیا۔ ترجمان وزارت خارجہ پاکستان کے مطابق اسحاق ڈار نے موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان مسلسل اور قریبی رابطے کو سراہا، جبکہ اسلام آباد میں ہونے والے حالیہ مذاکرات کی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا۔ اس موقع پر کاجا کالاس نے امریکا اور ایران کے درمیان براہ راست مذاکرات میں پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہا، جبکہ دونوں رہنماؤں نے تنازعات کے حل کے لیے مسلسل مکالمے اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ گفتگو کے دوران دونوں فریقین نے پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون کا مثبت جائزہ لیا اور تمام باہمی امور پر قریبی رابطے جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔ قبل ازیں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، جس میں حالیہ علاقائی اور سفارتی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق گفتگو کے دوران خاص طور پر اسلام آباد میں ہونے والے امریکا اور ایران مذاکرات سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ ترجمان کے مطابق کینیڈین وزیر خارجہ نے مذاکرات کے انعقاد میں پاکستان کے کردار کو سراہا اور اسے اہم سفارتی پیش رفت قرار دیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے تمام فریقین کے درمیان جنگ بندی پر عملدرآمد کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان خطے میں مکالمے اور سفارتکاری کے فروغ کے لیے اپنی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ نمبر 28

مارشل کی کوششوں سے یہ سب ممکن ہوا، ایران امریکا مذاکرات پر حکومت نے پیپلز پارٹی کو اعتماد میں لیا۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایوان صدر میں میٹنگ کی، مشکل وقت میں قوم کو متحد رکھنے میں کردار ادا کیا۔ بلاول بھٹو کے پاس کوئی عہدہ نہیں لیکن وہ ایران امریکا مذاکرات کیلئے متحرک تھے۔

بقیہ نمبر 29

کو نمایاں کر رہے ہیں۔ 5 سے 11 اپریل کے دوران اسحاق ڈار عالمی سطح پر سب سے زیادہ مثبت رہنما کے طور پر سامنے آئے ہیں، اسحاق ڈار کا مثبت اور منفی تاثر کا تناسب دیگر تمام عالمی رہنماؤں سے زیادہ ہے

بقیہ نمبر 30

پر تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے صدر مملکت کو امن کی کوششوں کو آگے بڑھانے کے لیے اپنے آئندہ دورہ سعودی عرب اور ترکیہ کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ صدر زرداری نے اس سفارتی اقدام کو کامیاب بنانے کے لیے وزیراعظم، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ، چیف آف ڈیفنس فورسز اور تمام ریاستی اداروں کی ان تھک کوششوں کی تعریف کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مثالی ہم آہنگی اس اعلیٰ سطحی رابطے کو ممکن بنانے میں کلیدی ثابت ہوئی، صدر مملکت نے عالمی امن اور علاقائی استحکام کے فروغ میں پاکستان کے تاریخی کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ان تاریخ ساز مذاکرات کے لیے پلیٹ فارم مہیا کر کے پاکستان نے عالمی برادری میں ایک ذمہ دار اور کلیدی ریاست کے طور پر اپنی پوزیشن کی توثیق کی ہے اور ایک بار پھر دنیا پر اپنی امن پسند ساکھ ثابت کر دی ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ وزیراعظم اور نائب وزیراعظم کو امریکا اور ایران کے ساتھ ساتھ بڑی علاقائی و عالمی طاقتوں کے ساتھ فعال طور پر رابطے میں رہنا چاہیے تاکہ امن کے عمل کے تسلسل اور علاقائی ہم آہنگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ ملاقات کے دوران صدر مملکت نے خطے کی سیکیورٹی اور سفارتی صورت حال پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس صورت حال کے اثرات نہ صرف خطے بلکہ مجموعی طور پر عالمی سیکیورٹی، معیشت اور سیاست پر مرتب ہوں گے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف، نے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزیر رانا ثنااللہ شریک ہوئے جبکہ سابق وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف اور سینیٹر شیری رحمان اور سابق چیئرمین سینیٹ نیئر حسین بخاری صدر مملکت کی معاونت کیلئے موجود رہے۔

بقیہ نمبر 31

آصف حیدر شاہ، سیکریٹری وزیر اعلیٰ آصف جمیل، سیکریٹری زراعت زمان ناریجو، سیکریٹری خوراک غلام عباس ناریجو، چیف ایگزیکٹو آفیسر سندھ بینک اسد علی شاہ اور دیگر نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ صوبائی کابینہ نے رواں فصل کے لیے گندم کی خریداری کا ہدف 10 لاکھ میٹرک ٹن مقرر کیا ہے، جس کی امدادی قیمت 3,500 روپے فی 40 کلوگرام رکھی گئی ہے۔ پالیسی کے تحت خریداری صرف ان کاشتکاروں سے کی جا رہی ہے جنہوں نے سندھ ویٹ گروورز سپورٹ پروگرام کے تحت سبسڈی پر ڈی اے پی کھاد حاصل کی۔ مراد علی شاہ نے خریداری کے عمل میں شفافیت اور کارکردگی پر زور دیتے ہوئے محکمہ خوراک کو ہدایت دی کہ طریقہ کار کو بہتر بنایا جائے اور کسانوں کو بروقت ادائیگیاں یقینی بنائی جائیں۔ انہوں نے یہ بھی ہدایت دی کہ اپنے باردانہ (تھیلے) استعمال کرنے والے کاشتکاروں کو مقررہ شرح کے مطابق ادائیگی کی جائے تاکہ ان کی حوصلہ افزائی ہو۔ وزیر خوراک مخدوم محبوب نے ضلع وار گندم خریداری پر تفصیلی بریفنگ دی، جس میں مجموعی ہدف کے مقابلے میں سست رفتار کی نشاندہی کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ 9 لاکھ 73 ہزار 900 میٹرک ٹن کے ہدف کے مقابلے میں اب تک صرف 1,061.600 میٹرک ٹن گندم خریدی گئی ہے تاہم خریداری کے عمل کو تیز کیا جا رہا ہے۔ ضلع وار تفصیلات کے مطابق جامشورو میں نسبتاً بہتر کارکردگی رہی جہاں 23,150 میٹرک ٹن ہدف کے مقابلے میں 450 میٹرک ٹن خریداری کی گئی جبکہ عمرکوٹ (122.60) میٹرک ٹن (، بدین 74.40) میٹرک ٹن (، سانگھڑ 63.10) میٹرک ٹن (اور میرپورخاص 45.50) میٹرک ٹن (میں بھی خریداری ہوئی۔ درمیانی سطح کی خریداری ٹھٹھہ 34) میٹرک ٹن (، ٹنڈو محمد خان 35) میٹرک ٹن (، حیدرآباد 28) میٹرک ٹن (اور نوشہرو فیروز 34) میٹرک ٹن (سے رپورٹ ہوئی۔ صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے محکمہ خوراک اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دی کہ خریداری کے عمل کو فوری طور پر تیز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ رفتار تسلی بخش نہیں، تمام اضلاع اپنے خریداری نظام کو فعال کریں اور ہدف بروقت حاصل کریں۔ انہوں نے کم کارکردگی والے اضلاع پر خصوصی توجہ دینے اور سخت نگرانی و احتساب کے اقدامات کی بھی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ ہم ضلعی سطح کی نااہلی کو مجموعی حکمت عملی کو متاثر کرنے کی اجازت نہیں دے سکتے۔ اجلاس کو اوپن مارکیٹ میں گندم کی موجودہ قیمتوں پر بھی بریفنگ دی گئی، جو صوبے میں خریداری کے رجحانات کو متاثر کر رہی ہیں

بقیہ نمبر 32

ہے، شام 5 سے رات 1 بجے تک روزانہ سوا 2 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کی جائے گی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ ڈسکوز کو بجلی بند کرنے کے اوقات صارفین سے شیئر کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، حکومت ہر وہ اقدام کرے گی جس سے عوام کو ریلیف ملے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی سطح پر کمرشل مارکیٹس کی بروقت بندش سے بجلی کی طلب کم کی جا سکتی ہے، طلب میں کمی لا کر بجلی کی قیمتوں میں ممکنہ اضافے کو مزید کم کیا جا سکتا ہے۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق مہنگے ایندھن کے کم استعمال سے بجلی کی قیمتوں میں ممکنہ اضافے کو روکا جا سکے گا۔ ان کا کہنا ہے کہ جولائی تا فروری بجلی صارفین کو 46 ارب روپے کا ریلیف دیا گیا، ایندھن کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود بجلی 71 پیسے سستی ہوئی ہے، کم لاگت ذرائع اور پیداواری صلاحیت کو مؤثر طریقے سے استعمال کیا گیا، حکومت نے ترسیلی و انتظامی سطح پر بہتری لا کر نقصانات کو کم کیا۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق عالمی سطح پر سخت حالات کے باوجود ملک میں بجلی کی پیداوار مستحکم ہے، اس وقت بھی ہم ضرورت کے مطابق بجلی پیدا کرنے کے قابل ہیں۔ ترجمان کا مزید کہنا ہے کہ مہنگے ایندھن پر انحصار سے بجلی کی قیمت میں خاطر خواہ اضافہ ہو سکتا ہے، وزیر اعظم پاکستان کی ہدایت پر صورتحال کو مسلسل مانیٹر کیا جا رہا ہے، وزیراعظم نے کسی بھی صورت بجلی کی قیمت میں بے تحاشہ اضافہ نہ ہونے کا ٹاسک دیا ہے۔ پاور ڈویژن کے ترجمان نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایات پر 80 ایم ایم سی ایف ڈی مقامی گیس پاور پلانٹس کو مہیا کر دی گئی، اس سے بجلی کی قیمت میں 80 پیسے فی یونٹ اضافے اور اضافی لوڈ مینجمنٹ کو روک دیا گیا، لوڈ مینجمنٹ کا مقصد بجلی کی قیمت میں تقریباً 3 روپے فی یونٹ ممکنہ اضافہ روکنا ہے۔

بقیہ نمبر 33

ادا کیا۔ پاکستان نے حالیہ جنگ کے دوران مکمل طور پر غیر جانبدارانہ مؤقف قائم رکھتے ہوئے دونوں فریقین کا اعتماد جیتا۔ بھارتی میجر جنرل (ر) یشپال مور نے کہا کہ پاکستان نے ایران پر حملوں اور ایرانی سپریم لیڈر کی شہادت کی شدید مذمت کی۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل سفیر نے لبنان حملے پر بھی بھرپور انداز میں اسرائیلی جارحیت کی مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ بہترین اور متوازن حکمت عملی پاکستان کو سعودی عرب اور چین کیساتھ بھی بہترین تعلقات میں مدد فراہم کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 34

فورس نے بہترین کارکردگی دکھائی، اصغر خان اکیڈمی سے پاس آؤٹ ہونے والے کیڈٹس کی خدمات کی ایک طویل تاریخ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاک فضائیہ جدید ٹیکنالوجی سے لیس ایک مضبوط فورس ہے، معرکہ حق کے دوران ایئر فورسز نے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا، جبکہ سائبر اور الیکٹرانک وار فیئر میں بھی اپنی مہارت کا لوہا منوایا۔ نیول چیف نے کہا کہ پاک بحریہ ملک کی بحری سرحدوں کے دفاع میں اہم کردار ادا کر رہی ہے اور پاکستان کسی بھی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کیلئے ہر وقت تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران اور امریکا کے تنازعے اور آبنائے ہرمز کی بندش سے عالمی سطح پر تیل کی سپلائی متاثر ہوئی، جبکہ قوم کی حمایت سے افواج پاکستان دہشت گردی کا کامیابی سے مقابلہ کر رہی ہیں۔ مزید برآں، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی کوششوں سے مشرق وسطیٰ میں جنگ بندی ممکن ہوئی، اور انہوں نے تقریب میں شرکت پر ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کا شکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ نمبر 35

ہی واپس لے آئیں، دنیا میں کوئی ایسا منافع نہیں دیتا جیسا پاکستان دیتا ہے، ہمیں اپنے ملک کو سنوارنا ہے، مواقع سے فائدہ اٹھانا ہے، جو مرضی ہوا پنا وعدہ پورا کرتے ہیں۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ فیلڈ مارشل کوئی بات کرتے ہیں تو اسے پورا کرتے ہیں، ملک کی ترقی کیلئے سب کو مل کر کردار ادا کرنا چاہیے، تاجروں کو سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، تاجروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنے کی کوشش کریں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ تاجر کو درپیش مسائل حل کریں گے، ایف آئی اے کے معاملات کو بزنس فرینڈلی کریں گے، ایف آئی اے میں جاری ہزاروں انکوائریز کلیئر کریں گے، تاجروں کو سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تاجروں کے ساتھ بھرپور تعاون کرنے کی کوشش کریں گے، تاجروں کو درپیش مسائل حل کریں گے، ملک کی ترقی کے لیے سب کو مل کر کردار ادا کرنا چاہیے، ہمیں اپنے ملک کو سنوارنا ہے، مواقع سے فائدہ اٹھانا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ایف آئی اے کے معاملات کو بزنس فرینڈلی کریں گے، ایف آئی اے میں جاری ہزاروں انکوائریز کلیئر کریں گے، فیلڈ مارشل کوئی بات کرتے ہیں تو اسے پورا کرتے ہیں۔ محسن نقوی کا کہنا وزیراعظم شہباز شریف کو دیکھا ہے جو مرضی ہو وہ اپنا وعدہ پورا کراتے ہیں، ملک سے جو پیسہ لے کر باہر چلا گیا اس کا پتہ آسانی سے لگایا جا سکتا ہے، ایک دو بندوں کو اٹھا لیں وہ سب کچھ بتا دیں گے۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ پی آئی اے کو اس سال میں تبدیل کر دیں گے، سب کو پتہ ہے کہ منی چینجر زکیوں رکھے ہوئے ہیں، موجودہ صورت حال میں منی لانڈرنگ کرنے والوں کو کوئی معافی نہیں، لوگوں کو چاہیے کہ پیسے تبدیل کرانے کیلئے بینک جائیں۔

بقیہ نمبر 36

فراہمی کسی کی خواہش یا سفارش پر نہیں بلکہ صرف مستند تھریٹ اسیسمنٹ کی بنیاد پر کی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ صوبے بھر میں غیر مجاز اور غیر ضروری سیکیورٹی واپس لی جائے جبکہ اضافی پولیس گاڑیاں اور نفری بھی فوری طور پر اصل ڈیوٹیوں پر تعینات کی جائیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ غیر ضروری سیکیورٹی پروٹوکول کے خاتمے اور اضافی نفری کی واپسی سے متعلق جامع رپورٹ مرتب کر کے پیش کی جائے تاکہ دستیاب وسائل کو عوامی تحفظ اور امن و امان کے مؤثر قیام کے لیے استعمال کیا جا سکے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ موجودہ حالات کے پیش نظر مختلف سرکاری و حساس اداروں کی سیکیورٹی کا ازسرنو آڈٹ کیا جائے گا، جبکہ نئی موصول ہونے والی سیکیورٹی درخواستوں پر میرٹ، خطرات اور دستیاب وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا جائے گا۔ وزیر داخلہ سندھ نے سندھ پولیس کو ہدایت دی کہ سیکیورٹی پر مامور اہلکاروں کی مکمل تفصیلات، تعیناتیوں اور کارکردگی سے متعلق رپورٹ پیش کی جائے تاکہ سیکیورٹی نظام کو مزید شفاف اور مؤثر بنایا جا سکے۔ اجلاس کے دوران ڈی آئی جی سیکیورٹی ڈویژن مقصود میمن نے صوبے میں نافذ سیکیورٹی حکمت عملی، انتظامات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی، جبکہ ڈی آئی جی ایس اینڈ ای ایس ڈی نے اجلاس کے ایجنڈے سے متعلق تجاویز اور سفارشات پیش کیں۔ اجلاس میں انسپکٹر جنرل سندھ پولیس جاوید عالم اوڈھو، ایڈیشنل آئی جیز، سی ٹی ڈی، اسپیشل برانچ، سیکیورٹی اداروں اور انٹیلی جنس بیورو سمیت اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ وزیر داخلہ سندھ نے اس موقع پر کہا کہ صوبے میں امن و امان کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے اور سیکیورٹی وسائل کو شفاف، مؤثر اور پیشہ ورانہ انداز میں بروئے کار لایا جائے گا تاکہ عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 37

دوبارہ پاکستان جانے پر غور کر رہا ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق ٹرمپ نے ابتدا میں اخبار کے رپورٹر سے گفتگو میں مذاکرات کے لیے امریکی وفد کے پاکستان جانے کی تردید کی تھی تاہم کچھ دیر بعد ہی ٹرمپ نے دوبارہ فون کر کے پاکستان میں مذاکرات کے آئندہ دور کے حوالے سے اشارہ دیا۔

بقیہ نمبر 38

امریکہ اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی کے باعث عالمی امن کو سنگین خطرات لاحق تھے، جنگ کے خطرات عالمی بحران میں تبدیل ہو سکتے تھے۔ متن میں مزید یہ بھی مطالبہ کیا گیا وزیراعظم، فیلڈ مارشل اور وزیر خارجہ کو امن کے قیام اور فروغ کے لیے خدمات کے اعتراف میں نوبل انعام کے لیے نامزد کیا جائے۔

بقیہ نمبر 39

نے پاکستان کوسٹ گارڈز کے ہیڈ کوارٹر میں یادگار شہدا پر حاضری دی۔ پھول رکھے اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاکستان کوسٹ گارڈز کے شہدا کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان کوسٹ گارڈز کے شہدا نے کوسٹل ایریاز کی حفاظت کیلئے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ شہدا کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کو پاکستان کوسٹ گارڈز کی پیشہ وارانہ تربیت اور آپریشنل تیاریوں کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاکستان کوسٹ گارڈز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایک برس کے دوران 14000 کلو منشیات ضبط کی گئی اور ضبط کی گئی منشیات کی مالیت 8 ارب روپے سے زائد ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کراچی سے عراق تک فیری چلانے کی فزیبلٹی تیار کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ فیری چلنے سے زائرین کو عراق جانے میں بہت سہولت ملے گی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے انسداد منشیات و انسداد سمگلنگ کے لئے بھرپور کارروائیاں جاری رکھنے کی ہدایت دی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ سمگلنگ مافیا کی سرکوبی کے لیے تمام تر توانائیاں صرف کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کوسٹ گارڈز زمین اور سمندر میں بیک وقت اپنے فرائض سرانجام دینے والی فورس ہے۔ پاکستان کوسٹ گارڈز کا نہ صرف زمانہ امن بلکہ کسی بھی مشکل اور جنگی صورت حال میں ایک اہم کردار ہے۔ پاکستان کوسٹ گارڈز کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن مدد اور درکار وسائل کی فراہمی یقینی بنائیں جائے گی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کو پسنی سیف سٹی پراجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں پاکستان کوسٹ گارڈز کے شہدا کے درجات کی بلندی کے لئے دعا کی گئی۔

بقیہ نمبر 40

سندھ حکومت کے ترجمان سکھدیو ہیمنانی نے کہا کہ گیس کی فراہمی بغیر کسی پیشگی اطلاع کے معطل کی جا رہی ہے، حتیٰ کہ ناشتہ، دوپہر اور رات کے کھانے کے محدود اوقات میں بھی۔ انہوں نے اسے سروس ڈیلیوری میں سنگین ناکامی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ناقابل قبول ہے۔ ان غیر اعلانیہ بندشوں کے باعث صوبے بھر میں گھریلو صارفین کو کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے اور انہیں مہنگے متبادل ذرائع دیکھنے پڑ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس صورتحال کے باعث عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں اور مہنگائی سے متاثرہ خاندانوں پر اضافی مالی بوجھ پڑ رہا ہے۔ ہیمنانی نے مزید کہا کہ گھوٹکی، شکارپور اور سندھ کے دیگر گیس پیدا کرنے والے اضلاع میں بھی یہی صورتحال برقرار ہے، جہاں ملک کی گیس پیداوار میں اہم کردار ادا کرنے کے باوجود عوام کو سال بھر کم پریشر اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سامنا رہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان علاقوں میں، جہاں سے گیس نکالی جاتی ہے، بنیادی توانائی کی سہولت سے محرومی مقامی آبادی میں احساس محرومی کو مزید بڑھا رہی ہے۔ ہیمنانی نے کہا کہ اس بحران کا بوجھ غیر متناسب طور پر عام شہریوں پر پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا، ایس ایس جی سی کے اس دعوے کے باوجود کہ کھانے کے اوقات میں گیس کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے، زمینی حقائق سروس ڈیلیوری کی مکمل ناکامی کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ گیس کی تقسیم اور فراہمی وفاقی دائرہ اختیار میں آتی ہے، اور وزیر اعظم و متعلقہ وفاقی حکام سے فوری اصلاحی اقدامات کرنے کی درخواست کی۔ انہوں نے شفاف شیڈول کے نفاذ اور بالخصوص کھانے کے اوقات میں غیر اعلانیہ گیس بندش کے خاتمے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 41

جنس بیسڈ آپریشنز (IBOs) کیے گئے، جن کے دوران خوشاب، میانوالی، راولپنڈی، جھنگ، بھکر، لاہور، فیصل آباد، چکوال، ٹوبہ ٹیک سنگھ، حافظ آباد اور گوجرانوالہ میں کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ ترجمان کے مطابق جھنگ سے فتنۃ الخوارج سے تعلق رکھنے والا خطرناک خودکش بمبار غازی مرجان خودکش جیکٹ اور دھماکہ خیز مواد سمیت گرفتار کیا گیا جبکہ سرگودھا سے حساس اداروں پر حملے میں ملوث دہشت گرد ملے خان کو بھی حراست میں لیا گیا۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق گرفتار دہشت گرد پولیس چوکیوں پر حملوں کی منصوبہ بندی مکمل کر چکے تھے، جنہیں بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنایا گیا

بقیہ نمبر 42

فارنزک سائنس اتھارٹی) ترمیم (بل 2026 پیش کیا جائے گا، اجلاس میں ارکان اسمبلی اہم نوعیت کے معاملات اٹھائیں گے۔

بقیہ نمبر 43

بیان میں انہوں نےکہا عوام پہلے ہی آٹا، بجلی، گیس اور ادویات کی بڑھتی قیمتوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔

بقیہ نمبر 44

ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا ناجائز حکومت نے مہنگائی کی ہوئی ہے، پیٹرول کی قیمتیں بھی آپ کے سامنے ہیں۔ کسانوں کا برا حال ہے، چاہے وہ پنجاب کا ہو، خیبر پختونخوا کا ہو، سندھ یا بلوچستان کا کسان ہو۔ اس وقت لا اینڈ آرڈر کے سنگین چیلنجز ہیں، خیبر پختونخوا کو اپنے حقوق سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ سب سے بڑھ کر عمران خان کو ناجائز طور پر قید میں رکھا گیا ہے۔ اس سب کے خلاف نکلنا ہے اور آواز اٹھانا ہے، حقیقی آزادی کے لیے سب نے مل کر آواز اٹھانی ہے۔

بقیہ نمبر 45

ہونے پر واپس روانہ ہو گئے جبکہ بانی کی بہنیں فیکٹری ناکے پر موجود رہیں۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ بڑے سیاسی لیڈر سے ملاقات نہ کرانا سمجھ سے بالاتر ہے، فی الحال کسی سے مذاکرات نہیں ہو رہے تاہم امید ہے جلد بات چیت کا کوئی سلسلہ شروع ہوگا، انہوں نے کہا کہ پاکستان مزید تناؤ کا متحمل نہیں ہو سکتا اور داخلی استحکام ناگزیر ہے، دوسری جانب علیمہ خان نے کہا کہ جیل پہنچنے سے پہلے انہیں روکنے کی کوشش کی گئی، ایف آئی آر میں نامزد ہونے کے باوجود وہ اپنے بھائی کے لیے آواز اٹھائیں گی، ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو قید تنہائی میں رکھا گیا ہے اور انہیں مناسب طبی سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں۔ انہوں نے عمران خان کو آنکھ کے علاج کے لیے شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ مقدمات نہیں سنے جا رہے اور بانی کو جعلی کیسز میں قید رکھا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 46

ہوئی۔ اڈیالہ جیل کے قریب فیکٹری ناکے پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ خان کا کہنا تھا کہ بانی نے سلمان صفدر کو بتایا ہے ان کی آنکھ میں پہلا ٹیکا لگنے کے بعد بہتری آئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کی انڈر لائن کنڈیشن جاننا ضروری ہے، جب تک تشخیص نہیں ہوگی معلوم نہیں ہوگا کہ خرابی کیوں ہوئی۔ علیمہ خان کا کہنا تھا کہ ہم پر جھوٹے مقدمات درج کیے جا رہے ہیں، ہمیں کہا گیا جیل کے داخلی دروازے سے ہٹ جائیں۔ اس موقع پر ترجمان بانی پی ٹی آئی نیاز اللہ نیازی کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی 180 مقدمات میں جیل کی سلاخوں کے پیچھے ہیں۔ سلمان صفدر نے ملاقات کے بعد بتایا بانی کی آنکھ میں 10 سے 15 فیصد بہتری آئی ہے۔ نیاز اللہ نیازی نے کہا کہ چاہتے ہیں بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کا علاج ہو، فیملی سے ملاقات کروائی جائے۔ بطور ترجمان بانی پی ٹی آئی میری بانی سے ایک سال سے کوئی ملاقات نہیں ہوئی۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی کے وکالت ناموں پر ابھی تک دستخط نہیں ہو سکے، ہمارے پاس آئین کے دائرے میں احتجاج کے علاوہ کوئی راستہ نہیں بچا۔

پٹرولیم لیوی ٹیکس عوام پر ظلم ہے، عدالت سے رجوع کرینگے

حافظ نعیم

پٹرول کی قیمت ڈھائی سو روپے فی لیٹر تک لائی جائے اور لیوی ٹیکس ختم کیا جائے تاکہ معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہو اور ملک کو فائدہ پہنچے

حکومت پٹرولیم لیوی سے 500 سے 600 ارب روپے تک آمدن حاصل کر رہی ہے، جسے ختم ہونا چاہیے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

کراچی (ویب ڈیسک) حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی ٹیکس کے معاملے پر عدالت کا دروازہ کھٹکھٹایا جائے گا کیونکہ یہ عوام کے ساتھ ظلم ہے۔ منصورہ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ عوام ایک لیٹر پٹرول پر تقریبا سوا سو روپے ٹیکس ادا کر رہے ہیں، جبکہ حکومت نے پیٹرول کی قیمت میں صرف 12 روپے کی کی جو افسوسناک ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پٹرول کی قیمت ڈھائی سو روپے فی لیٹر تک لائی جائے اور لیوی ٹیکس ختم کیا جائے تاکہ معاشی سرگرمیوں میں اضافہ ہو اور ملک کو فائدہ پہنچے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ کھرب پتی طبقہ ٹیکس بچا رہا ہے جبکہ موٹر سائیکل چلانے والا عام شہری ٹیکس ادا کر رہا ہے، حکومت پٹرولیم لیوی سے 500 سے 600 ارب روپے تک آمدن حاصل کر رہی ہے، جسے ختم ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں ایران امریکا مذاکرات خوش آئند ہیں اور پاکستان نے اس عمل میں مثبت کردار ادا کیا ہے، انہوں نے امید ظاہر کی کہ مذاکرات کامیاب ہوں

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

مریم نواز کی مقبولیت کا گراف ہر گزرتے دن کے ساتھ بلند ہو رہا ہے، عظمیٰ بخاری

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام نے مریم نواز کی قیادت میں صوبائی حکومت کی کارکردگی پر اطمینان کی مہر لگا دی ہے۔ حالیہ سروے کے مطابق پنجاب کے 69 فیصد عوام نے مریم نواز کی حکومت پر اپنے بھرپور

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

عمران خان سے بشریٰ بی بی کی اڈیالہ جیل میں ملاقات

بشریٰ بی بی اور عمران خان کی ملاقات کانفرنس روم میں کرائی گئی، جیل ذرائع

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان سے ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی اڈیالہ جیل میں ملاقات کرادی گئی۔ جیل ذرائع نے بتایا کہ بشریٰ بی بی اور بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ملاقات کرادی گئی، دونوں کی ملاقات 30 سے 35 منٹ تک جاری رہی۔ جیل ذرائع نے بتایا کہ بشریٰ بی بی اور عمران خان کی ملاقات کانفرنس روم میں کرائی گئی۔ عمران خان اور بشریٰ بی بی کی ملاقات سے متعلق جیل ذرائع نے مزید بتایا کہ بانی پی ٹی آئی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

کراچی: چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو کے ہمراہ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کا فوٹو

عوام کو روزگار کی فراہمی پیپلز پارٹی کا منشور بھی ہے، ناصر حسین شاہ

ایکسپو سینٹر میں منعقدہ جاب اینڈ ایجوکیشن فیئر نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھولے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات ہاسنگ و ٹاؤن پلاننگ سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ ایکسپو سینٹر میں منعقدہ جاب اینڈ ایجوکیشنل فیئر نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے دروازے کھولے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اج ایکسپو سینٹر میں منعقدہ چوتھے سالانہ جاب اینڈ ایجوکیشن فیئر کے افتتاحی تقریب کے موقع پر اپنے خطاب اور میڈیا سے بات چیت کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر تقریب کے روح رواں ممبر قومی اسمبلی ڈاکٹر مہیش کمار، چیئرمین ہائر ایجوکیشن کمیشن

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

پشاور: وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سعود آباد پولیس نے شہری کو گاڑی سمیت اغوا کر کے فرار کی کوشش کو ناکام بنا دیا

پولیس نے مغوی کی کار اور ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، گولیاں اور نقدی بھی برآمد کر لی ہے، پولیس حکام

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں سعود آباد پولیس نے مقابلے کے دوران گاڑیاں چھیننے کی وارداتوں میں ملوث ڈکیت گینگ کے 2 زخمی سمیت 3 کارندوں کو گرفتار کر کے چھینی گئی کار کے مغوی مالک کو بازیاب کرا لیا، پولیس نے ملزمان کے قبضے سے چھینی گئی کار، نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ ترجمان ڈسٹرکٹ کورنگی کے مطابق سعود آباد کے علاقے عوامی کانٹا کے قریب ملزمان ہنڈا سٹی کار کو روک کر اسلحے کے زور پر کار کے مالک مظفر علی کو یرغمال بنالیا اور مغوی کو لیکر فرار ہو رہے تھے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

اب میں اپنے ہدایت کاروں کی تربیت سے بہت کچھ سیکھ چکی ہوں، اداکارہ ماورا حسین

کراچی (ویب ڈیسک) رونے کے فن پر مہارت حاصل کرنے والی پاکستانی معروف اداکارہ ماورا حسین نے اپنی حقیقت کے قریب رونے کی تکنیک سے پردہ اٹھا دیا۔ روتے ہوئے بھی خوبصورت دکھائی دینے والی اداکارہ ماورا حسین ان دنوں اپنے کرائنگ چیلنج کرائنگ لائک ماورا کے باعث خبروں کی زینت بنی ہوئی ہیں۔ متعدد سوشل میڈیا

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

حکومت ملک میں جاری مہنگائی کا فوری نوٹس لے، سراج الحق

لاہور (ویب ڈیسک) سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا کہنا ہے حکومت اگر مذاکراتی عمل سے فارغ ہوگئی ہے تو ملک میں جاری مہنگائی کا فوری نوٹس لے، کیونکہ اس نے عام آدمی کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ اپنے ایکس

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

پنجاب اسمبلی کا 41 واں اجلاس آج ہوگا، ایجنڈا جاری

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب اسمبلی کے 41 ویں اجلاس کا ایجنڈا جاری کر دیا گیا۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس آج دوپہر 2 بجے شروع ہوگا، اجلاس میں محکمہ ایکسائز پوچھے گئے سوالات کے جوابات دے گا۔ اجلاس میں 5 تحریک التوا کار زیر بحث آئیں گی، اجلاس میں دی سٹیمپ (ترمیم) آرڈیننس 2026 پیش کیا جائے گا۔ پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں پنجاب

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

ناجائز حکومت نے مہنگائی کی ہوئی ہے، پیٹرول کی قیمتیں بھی آپ کے سامنے ہیں، اسد قیصر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کا کہنا ہے 19 اپریل کو عمران خان کے حکم پر مردان میں جلسہ منعقد ہو رہا ہے۔ میں عوام اور اپنے ورکرز سے درخواست کرتا ہوں کہ اس جلسے کو بھرپور طریقے سے کامیاب بنانا ہے۔ اپنے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

کراچی: ایم ڈی سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ طارق علی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب کے مختلف شہروں سے خودکش بمبار سمیت 16 دہشت گرد گرفتار

لاہور (ویب ڈیسک) سی ٹی ڈی نے پنجاب کے مختلف شہروں میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کرتے ہوئے خودکش بمبار سمیت 16 مبینہ دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق صوبے بھر میں مجموعی طور پر 113 انٹیلی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

سندھ حکومت کے ترجمان کی گیس فراہمی کی بگڑتی صورتحال پر وفاقی مداخلت کی اپیل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت کے ترجمان کی گیس فراہمی کی بگڑتی صورتحال پر وفاقی مداخلت کی اپیل۔ حکومتِ سندھ نے صوبے بھر میں گیس کے مسلسل اور بڑھتے ہوئے بحران پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے، خصوصا کراچی میں جہاں کھانے کے مقررہ اوقات میں بغیر اطلاع گیس کی بندش نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو بری طرح متاثر کر دیا ہے۔ ایک بیان میں

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

کراچی میں گیس بحران سنگین، چولہے ٹھنڈے پڑ گئے

شہری شدید مشکلات کا شکار، متوسط اور محنت کش طبقہ اب مہنگے ہوٹلوں سے کھانا خریدنے یا سلنڈر مافیا سے مہنگی گیس لینے پر مجبور

ایک طرف مہنگائی کا بوجھ ہے تو دوسری طرف بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی نے شہریوں کو سڑکوں پر نکلنے پر مجبور کر دیا ہے، عوامی حلقے

کراچی (ویب ڈیسک) گیس کے بھاری بلوں کی ادائیگی کے باوجود گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑے ہیں، جس کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ملک کے سب سے بڑے صنعتی و معاشی شہر کراچی میں گیس کا بحران سنگین ترین صورتحال اختیار کر گیا ہے، شہر کے اکثر علاقوں میں گیس کی فراہمی معطل ہونے سے شہریوں کی زندگی اجیرن ہو

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

کراچی، سعود آباد میں پولیس مقابلہ، 2 زخمی سمیت 3 ڈاکو گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد کے علاقے سعود آباد میں پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان مقابلے کے نتیجے میں دو زخمی سمیت تین ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق سعود آباد میں عوامی کانٹا کے قریب وائٹ کار گینگ

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

صوبائی محتسب سندھ کی طلبا کو مبارکباد، سرٹیفکیٹ تقسیم کیے

ایمبیسڈر پروگرام کا بنیادی مقصد طلبا کو صوبائی محتسب سندھ دفتر سے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبائی محتسب سندھ کے تحت آئی بی اے کراچی میں زیر تعلیم طلبا میں ایمبیسڈر پروگرام کے سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ صوبائی محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت نے طلبا کو ایمبیسڈر پروگرام کی تکمیل پر مبارکباد پیش کی اور سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔ تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت نے کہا کہ ایمبیسڈر پروگرام کا بنیادی مقصد طلبا کو صوبائی محتسب سندھ دفتر سے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے۔ انھوں نے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

جوئے کے اڈے سے برآمد رقم میں خورد برد، ڈی آئی جی ساؤتھ کا ایکشن

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں ڈی آئی جی ساؤتھ زون اسد رضا نے ماڑی پور میں جوئے کے اڈے پر چھاپے کے دوران لاکھوں روپے کی خورد برد کا انکشاف سامنے آنے پر ایکشن لیتے ہوئے ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سٹی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

سندھ حکومت کا سکھر شکار پور سے پیپلز بس سروس شروع کرنے کا اعلان

سینئر وزیر کی زیر صدارت شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی، نئے روٹس کے اجراء اور خواتین کیلئے خصوصی اقدامات پر تفصیلی غور کیا گیا

سندھ حکومت کی اولین ترجیح خواتین کو محفوظ اور بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا ہے، پنک اسکوٹیز کی فراہمی اس سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے صوبے میں پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید جدید اور موثر بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے ہیں۔ اس سلسلے میں محکمہ ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ کا ایک اعلی سطحی سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں شہریوں کو بہتر سفری سہولیات کی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

کراچی: سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر خزانہ کی سربراہ سعودی فنڈ سے ملاقات، تعاون بڑھانے پر اتفاق

واشنگٹن (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ، سینیٹر محمد اورنگزیب نے واشنگٹن ڈی سی میں جاری ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر سعودی فنڈ برائے ترقی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سلطان بن عبدالرحمان المرشد

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

سابق بھارتی فوجی افسر بھی پاکستان کی مؤثر خارجہ پالیسی کے معترف

نئی دہلی (ویب ڈیسک) مودی کی اسرائیل نواز جارحانہ پالیسیوں نے بھارت کو عالمی سطح پر عدم اعتماد اور انتہا پسند ریاست میں تبدیل کر دیا ہے۔ بھارتی میجر جنرل (ر) یشپال مور کے مطابق پاکستان کے ثالثی کے کردار میں فیلڈ مارشل کی قیادت اور صلاحیت نے اہم کردار

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

معروف ریسٹورنٹ سے مضرِ صحت گوشت برآمد، سیل کر دیا گیا

کراچی (ویب ڈیسک) گلستان جوہر میں معروف ریسٹورنٹ کو بڑی مقدار میں مضر صحت گوشت برآمد ہونے پر سیل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ فوڈ اتھارٹی نے کراچی کے علاقے گلستان جوہر میں عوامی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

عالمی سرفہرست ای کامرس کمپنی علی بابا کی پاکستان میں سرمایہ کاری، لائسنس جاری

کراچی (ویب ڈیسک) دنیا کی سرفہرست ای کامرس اور ٹیکنالوجی کمپنی علی بابا کی پاکستان میں شمولیت کے سلسلے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے علی بابا کی

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

کراچی میں رہنا ایسا ہے جیسے پیرس میں رہنا، شرمیلا فاروقی

سیاست چھوڑنے کا تصور تو کر سکتی ہوں، مگر ڈرامے دیکھنے کی عادت ترک کرنا ممکن نہیں

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شرمیلا فاروقی نے کراچی سے متعلق ایک ایسا دلچسپ تبصرہ کیا ہے جس نے سوشل میڈیا پر توجہ حاصل کر لی۔ ایک نجی ٹی وی پروگرام میں شرکت کے دوران شرمیلا نے شہر قائد کا موازنہ براہ راست پیرس سے کر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

شہریوں نے موٹر سائیکل چور کی درگت بنا دی، ویڈیو وائرل

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی کے علاقے نارتھ کراچی سیکٹر 11 پاور ہاؤس کے قریب موٹر سائیکل چوری کی واردات شہریوں نے ناکام بنا دی۔ تفصیلات کے مطابق مبینہ موٹر سائیکل لفٹر کو شہریوں نے رنگے ہاتھوں

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

سونے کی قیمتوں میں 2 روزہ وقفے کے بعد اضافہ، چاندی بھی مہنگی

کراچی (ویب ڈیسک) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت بڑھ گئی جب کہ چاندی کے نرخوں میں بھی اضافہ ہوگیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں منگل کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 46 ڈالر کا اضافہ

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

وزیراعلیٰ پنجاب کا گندم کے کاشتکاروں کو باردانہ مفت دینے کا اعلان

صوبائی اور ڈویژن کی سطح پر سٹریٹیجک مینجمنٹ کمیٹیاں قائم کر دی گئی، گندم خریداری کے امور کی مانیٹرنگ کی جائے گی، اجلاس سے خطاب

2500 روپے فی من کے نرخ پر گندم خریداری کے 72 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو ادائیگی ضروری قرار دی گئی ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے گندم کے کاشتکاروں کو 6 ارب روپے کا باردانہ مفت دینے کا اعلان کر دیا جبکہ کاشتکار سے 2500 روپے فی من گندم خریداری کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ رجسٹرڈ کاشتکاروں کو خریداری مرکز سے فی ایکڑ 10 بوری باردانہ دیا جائے گا، کسان

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17

واشنگٹن: وفاقی وزیر خزانہ، سعودی فنڈ برائے ترقی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سے ملاقات کر رہے ہیں

ایران امریکہ جنگ بندی: او آئی سی بھی کردار ادا کرے، گیلانی

مسلمانوں کو پہلے سے زیادہ اتحاد کی ضرورت ہے، حکومتی اتحاد کا حصہ ہیں

ساہیوال (ویب ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ایران امریکہ جنگ بندی میں پاکستان کی طرح او آئی سی بھی کردار ادا کرے۔ پنجاب کے علاقے ساہیوال میں جیالوں سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے یوسف رضا گیلانی کا کہنا تھا کہ دنیا نے امن کے لیے پاکستان کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امن کے لیے اہم

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

سانحہ گل پلازہ: لاپرواہی ہوئی ہے، کمیشن کی رپورٹ پبلک کرنے کی ضرورت تھی، فاروق ستار

کراچی (ویب ڈیسک) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما فاروق ستار نے کہا ہے کہ سانحہ گل پلازا میں 100 سے زائد شہری جاں بحق ہوئے تھے، ہمارے مطالبے پر انکوائری کرائی گئی۔ سانحہ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ لاپرواہی ہوئی ہے۔ کراچی میں پریس

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

شہر قائد میں اسٹریٹ کرائمز بے قابو، اربوں کا سرویلنس سسٹم بھی ناکام

ایس 4 منصوبے پر بھاری اخراجات کے باوجود گاڑی اور موٹر سائیکل چھیننا جھپٹی میں کمی کے بجائے اضافہ

کراچی (ویب ڈیسک) محکمہ پولیس میں تجربات کا سلسلہ بدستور جاری ہے، شہر قائد میں گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی چھیننا جھپٹی اور چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر قابو پانے کے لیے جدید کیمروں کی تنصیب بھی خاطر خواہ نتائج نہ دے سکی۔ ایک ارب 4 کروڑ

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

کراچی: گورنر سندھ نہال ہاشمی سے سندھ بوائز اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پاکستان ریلویز میں ٹرینوں کے حادثات معمول بن گئے، کروڑوں کا نقصان

مسافر ہزاروں روپے کی ٹکٹ لیکر ریلوے اسٹیشن پر ٹرین کے انتظار میں گھنٹوں سولی پر لٹکے رہنے پر مجبور ہو چکے

لاہور (ویب ڈیسک) ریل گاڑیوں سے سفر کرنے والے لاکھوں مسافروں کی جان اور مال سب اللہ تعالی کے حوالے کیونکہ پاکستان ریلویز کی مسافر ریل گاڑیاں ہوں یا مال بردار، پہلے سے کھڑی ریل گاڑی سے ٹکرانے یا چلتی ریل گاڑیوں کا اچانک پٹڑیوں سے اتر کر حادثات کا شکار ہونا ایک معمول بن چکا ہے۔ حادثات کے بڑھتے ہوئے واقعات کی روک تھام میں ریلوے انتظامیہ ناکام ہو چکی ہے۔ وزیر ریلوے حنیف عباسی کی سخت ترین ہدایات اور وارننگ کے باوجود ریلوے

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

پشاور: گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کو نادرن بائی پاس پشاور کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

میٹرک امتحانات میں پیسے لیکر نقل کروانے پر 2 اسکولز بلیک لسٹ

نقل مافیا کی سہولت کاری کرنے والے عناصر کو نشانِ عبرت بنایا جائے گا، ناظم امتحانات

کراچی (ویب ڈیسک) میٹرک بورڈ امتحانات میں پیسے لے کر چیٹنگ کروانے کے انکشاف پر چیئرمین میٹرک بورڈ نے دو امتحانی مراکز کو بلیک لسٹ کر دیا۔ صوبائی وزیر برائے جامعات و بورڈز کی خصوصی ہدایت پر چیئرمین میٹرک بورڈ کراچی، غلام حسین سوہو نے امتحانی شفافیت پر سمجھوتہ کرنے والے مراکز کے خلاف سخت ترین کارروائی کرتے ہوئے دو نجی اسکولوں کو بلیک لسٹ کر دیا ہے۔ صوبائی وزیر برائے جامعات و بورڈز اسماعیل راہو کی خصوصی ہدایت پر

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

پی ایس ایل: پی سی بی نے زمبابوے کے کرکٹر بلیسنگ مزارابانی پر پابندی عائد کر دی



لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے زمبابوے کے کرکٹر بلیسنگ مزارابانی کو فوری طور پر اگلے دو ایڈیشنز میں شرکت کے لیے نااہل قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق یہ فیصلہ پی ایس ایل میں کیے جانے والے معاہدے کی خلاف ورزی پر کیا گیا ہے۔ پی سی بی کا کہنا ہے کہ فیصلہ پی ایس ایل کے معاہدے کے لیے متفقہ وعدوں کا

.....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18